آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ

MEMBER OF APNS & CPNE

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز جمعرات 18 جون 2020ء بمطابق 24 شوال 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ 168

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45

اہل تشیع

فجر	04:15
ظہر	01:00
مغرب	07:27

ماضی میں اقتدار میں رہنے والے حکمرانوں نے عوامی خدمت نہیں کی، وزیراعظم

ارکان اسمبلی عوامی مسائل کے حل میں اپنا کردار ادا کریں، عوامی خدمت پی ٹی آئی حکومت کا اولین مشن ہے، پی ٹی آئی اور اتحادی جماعتوں کا مشترکہ ایجنڈا کرپشن کا خاتمہ، غربت مٹانے کی اور عوامی خدمت ہے

انتظامی اصلاحات اور نچلی سطح پر اختیارات کی منتقلی سے حقیقی ترقی ممکن ہو سکے گی، اپنے متعلقہ حلقوں میں عوامی مسائل کا حل یقینی بنانے میں متحرک کردار ادا کریں

حالیہ بجٹ تجاویز، کرونا وبا سے نمٹنے کے لیے حکمت عملی اور احساس ایمرجنسی کیش پروگرام کے اجراء پر بھرپور خراج تحسین پیش کیا، عمران خان کی تحریک انصاف کے ارکان سندھ اسمبلی سے گفتگو

کراچی (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ ماضی میں اقتدار میں رہنے والی سیاسی قیادت نے عوامی خدمت نہیں کی، انہوں نے صرف اپنی ذاتی مفاد کی خاطر اقتدار کا استعمال کیا۔ پی ٹی آئی اور اتحادی جماعتوں کا مشترکہ ایجنڈا کرپشن کا خاتمہ، غربت میں کمی اور عوامی خدمت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو گورنر ہاؤس میں اتحادی جماعتوں کے وفد سے ملاقات میں کیا۔ ملاقات میں گورنر سندھ عمران اسماعیل، وزیر انجارجی محمد میاں سومرو، وزیر بحری امور سید علی زیدی بھی موجود تھے۔ وفد میں وسیم اختر، کنور نوید، محترمہ کشور زہرہ، فردوس شمیم نقوی، علیم عادل شیخ، سید آفریدی،

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

لاڑکانہ: وزیراعظم عمران خان پولیس ٹریننگ سنٹر میں بنائے گئے احساس سنٹر کے دورہ کے موقع پر مستحقین سے بات چیت کر رہے ہیں

سربراہ بی این پی سردار اختر مینگل کا وفاقی حکومت سے علیحدگی کا اعلان

این ایف سی ایوارڈ پر نظر ثانی اٹھارویں ترمیم کو رول بیک کرنے کا حصہ ہے حکومت نے ٹڈی دل کو کنٹرول نہیں کیا تو اس کی تعداد اگلے سال کروڑوں میں ہوگی ٹڈی دل کو پھر آپ کے عرب دوست بھی نہیں بچا سکیں گے

وفاق نے بلوچستان کو 10 ارب کا پیکج نہیں دیا ہے بلوچستان کے کوئٹہ کراچی سڑک سمیت ترقیاتی منصوبے ٹڈی دل یا کورونا وائرس کھا گئی ہے تحفظات بارڈر کو ایسے کھولا جیسے ماضی کی طرح ڈالرز آئینگے

وفاقی بجٹ وزراء، اراکین اسمبلی، بیوروکریسی اور عسکریت دوست تو ہو سکتا ہے لیکن عوام دوست نہیں اور یہاں تو بجٹ کے عوام دوست ہونے کے امکانات بھی نہیں ہیں، یہاں انصاف ملتا نہیں بکتا ہے، سربراہ بی این پی

کوئٹہ / اسلام آباد (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ اور رکن قومی اسمبلی سردار اختر جان مینگل وفاقی حکومت سے باقاعدہ علیحدگی کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ وفاقی بجٹ وزراء، اراکین اسمبلی، بیوروکریسی اور عسکریت دوست تو ہو سکتا ہے لیکن عوام دوست نہیں اور یہاں تو بجٹ کے عوام دوست ہونے کے امکانات بھی نہیں ہیں، یہاں انصاف ملتا نہیں بکتا ہے، وفاق نے بلوچستان کو 10 ارب کا پیکج نہیں دیا بلکہ چھوٹا سا گفٹ دیا ہے بلوچستان کے کوئٹہ کراچی سڑک سمیت ترقیاتی منصوبے ٹڈی دل یا کورونا وائرس کھا گئی ہے تحفظات بارڈر کو ایسے کھولا جیسے ماضی کی طرح ڈالرز آئینگے وفاقی وصوبائی حکومت کی نااہلی کی وجہ سے جو بلاکتیں ہوئی ان کیخلاف ایف آئی آر درج کی جائے این ایف سی ایوارڈ پر نظر ثانی سے متعلق وضاحت چاہوں گا کیا این ایف سی

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

راولپنڈی: آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کور کمانڈرز کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

حب کورونا میں تشویشناک اضافہ متاثرین کی تعداد 100 سے بڑھ گئی

حب شہر کے 5 علاقوں کو سیل کرنے کی تجویز پر انتظامیہ کی جانب سے جزوی عملدرآمد زیادہ متاثرہ علاقوں میں اب بھی کاروبار کھلا ہوا ہے

لسبیلہ (این این آئی) بلوچستان کے صنعتی شہر حب میں کورونا وائرس کے پھیلاؤ میں تشویشناک حد تک اضافہ متاثرین کی تعداد 100 سے بڑھ گئی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کی جانب سے حب شہر کے 5 علاقوں کو سیل کرنے کی تجویز پر انتظامیہ کی جانب سے جزوی عملدرآمد زیادہ

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

کنراج میں وزیراعلیٰ بلوچستان کے فنڈز سے تعمیر لوی ڈیم میں مبینہ ناقص میٹریل کے استعمال کا انکشاف

لسبیلہ (این این آئی) لسبیلہ کے پہاڑی علاقے کنراج میں وزیراعلیٰ بلوچستان کے فنڈز سے تعمیر لوی

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

حب کے علاقے ساکران روڈ پر نامعلوم افراد کی حجام کے دکان پر فائرنگ باپ، بیٹا زخمی

لسبیلہ (این این آئی) حب کے علاقے ساکران روڈ پر نامعلوم افراد کی حجام کے دکان پر فائرنگ باپ،

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

پاکستان میں انصاف کی فراہمی کی وجہ سے عوام میں عدم برداشت روز بروز بڑھ رہا ہے، ملک سکندر خان کاسی

کوئٹہ (آن لائن) باچا کاسی ویلفیئر سوسائٹی کے چیئرمین ملک سکندر خان کاسی ایڈووکیٹ نے اخباری

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

بابا کوٹ پولیس نے فائرنگ تبادلے کے بعد دو ملزمان کو گرفتار کر لیا

تمبو (آن لائن) بابا کوٹ پولیس نے فائرنگ تبادلے کے بعد دو ملزمان کو گرفتار کر لیا ملزمان سے اسلحہ

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

انسٹیٹیوٹ آف ریجنل اسٹڈیز اپنے اہداف و مقاصد میں وسعت پیدا کرے، صدر مملکت

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت عارف علوی نے کہا ہے کہ انسٹیٹیوٹ آف ریجنل اسٹڈیز اپنے اہداف

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

بھارت اور چین کے مابین کشیدگی میں اضافے کا ذمہ دار، بھارت کا اپنا جارحانہ رویہ اور ہندتوا سوچ ہے، شاہ محمود قریشی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ بھارت اور چین کے مابین کشیدگی

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

قربانی ایک مذہبی فریضہ ہے اور حکومت اس سلسلے میں ہر ممکن سہولت کو یقینی بنائے گی، وزیر داخلہ اعجاز

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ اعجاز شاہ نے کہا ہے کہ قربانی ایک مذہبی فریضہ ہے اور حکومت اس

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

سی پیک منصوبے پر کام کی رفتار سست ہونے کا تاثر قطعاً غلط ہے، عاصم سلیم باجوہ

لاہور (این این آئی) چین پاکستان اقتصادی راہداری اتھارٹی کے چیئرمین لیفٹیننٹ جنرل (ر) عاصم

بقیہ نمبر 72 صفحہ 3 پر

بلوچستان حکومت نے کوئٹہ کے کورونا سے زیادہ متاثرہ علاقوں میں مکمل لاک ڈاؤن کا فیصلہ کر لیا

مکمل لاک ڈاؤن کا اطلاق آئندہ دو روز میں کیا جائیگا، محکمہ صحت سے شہر میں کورونا سے زیادہ متاثرہ علاقوں کا ڈیٹا اور تفصیلات طلب کر لی گئیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان حکومت نے کوئٹہ کے کورونا سے زیادہ متاثرہ علاقوں میں مکمل لاک ڈاؤن کا فیصلہ کر لیا، مکمل لاک ڈاؤن کا اطلاق آئندہ دو روز میں کیا جائیگا۔ شہر کے کورونا سے زیادہ متاثرہ علاقوں میں لاک ڈاؤن کا فیصلہ محکمہ داخلہ میں منعقدہ اجلاس میں

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

سندھ بلوچستان کے سرحد پر واقع صنعتی ضلع لسبیلہ میں کورونا کیسز میں اضافے اور مجموعی طور پر 93 کیسز رپورٹ

کوئٹہ (خ ن) سندھ بلوچستان کے سرحد پر واقع صنعتی ضلع لسبیلہ میں کورونا کیسز میں اضافے اور مجموعی طور پر 93 کیسز رپورٹ ہونے کے بعد ضلعی انتظامیہ نے سمارٹ لاک ڈاؤن پر عملدرآمد شروع کر دیا ہے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کی سفارش پر صنعتی شہر حب کے پانچ علاقے جام کالونی زہری اسٹریٹ، ہندو محلہ لای

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے صوبائی وزیر میر تھور احمد بلیدی ملاقات کر رہے ہیں

احساس پروگرام سے مستفید ہونیوالوں کی تعداد میں اضافہ کر دیا گیا ہے، ثانیہ نشتر

مستحق افراد کی تعداد ایک کروڑ 20 لاکھ سے بڑھا کر ایک کروڑ 61 لاکھ 63 ہزار کر دی گئی، چیئرپرسن

کوئٹہ (آن لائن) احساس ایمرجنسی کیش پروگرام کی چیئرپرسن ڈاکٹر ثانیہ نشتر نے کہا ہے کہ احساس پروگرام سے مستفید ہونیوالوں کی تعداد میں اضافہ کر دیا گیا ہے، احساس ایمرجنسی کیش میں بلوچستان کا حصہ 4 اعشاریہ 90 فی صد ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

بجٹ میں گوادر کو فری زون قرار دینے سے متعلق فنانس ایکٹ 2020 میں کئی سفارشات پیش کی گئی ہیں

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو فرمان زرکون نے وفاقی بجٹ 2020-21 میں بلوچستان میں سرمایہ کاری کیلئے خصوصی مراعات کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ وفاقی پی ایس ڈی پی میں صوبے کی شاہراہوں کیلئے خطیر رقم مختص کرنے سے روڈ سیکٹر میں ترقی کی راہیں

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

بھارت کے مذموم مقاصد کو ناکام بناتے رہیں گے، کور کمانڈرز کانفرنس

کور کمانڈرز کانفرنس کا افغانستان میں پرتشدد واقعات میں کمی اور افغان مفاہمتی عمل میں مسلسل مثبت پیشرفت پر اطمینان

شرکاء کا مقبوضہ کشمیر میں بیگناہ شہریوں پر بھارتی ظلم و ستم اور دہشت گرد تنظیموں کی کھلم کھلا حمایت کو بے نقاب کرتے رہنے کے عزم

راولپنڈی (این این آئی) کور کمانڈرز کانفرنس کے شرکاء نے افغانستان میں پرتشدد واقعات میں کمی اور افغان مفاہمتی عمل میں مسلسل مثبت پیشرفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت کے مذموم مقاصد کو ناکام بناتے رہیں گے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کے مطابق بدھ کو جی ایچ کیو میں کور کمانڈرز کانفرنس ہوئی جس میں شرکاء کو قومی اور علاقائی سکیورٹی صورتحال سے متعلق بریفنگ دی گئی۔ ڈی جی آئی ایس آئی کے مطابق شرکاء نے افغانستان میں پرتشدد واقعات میں کمی

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

پی آئی اے کے نرخوں میں کمی سے ایکسپورٹ میں اضافہ ہوگا، اسد قیصر

ایران کا بارڈر کھولنے کا فیصلہ ہوا ہے، بارڈر کھولنے سے زمینی راستے سے آم ایران ایکسپورٹ کیا جا سکے گا، وفاقی وزیر فوڈ سیکیورٹی

اسلام آباد (این این آئی) کمرشل پیداوار کی خصوصی پارلیمانی کمیٹی کو بتایا گیا ہے کہ آم کو برآمد کرنے کیلئے پی آئی اے نے ایکسپورٹ کیلئے نرخوں میں کمی کر دی۔ بدھ کو اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے وفاقی وزیر فوڈ سیکیورٹی اور کمرشل پیداوار اسد قیصر نے کہا کہ پی آئی اے اور وزیر ہوا بازی سردار خان کا مشکور ہوں، پی آئی اے کے نرخوں

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

حکومت کا سینیٹ میں ارکان پارلیمنٹ کی تنخواہوں و الاؤنسز سے متعلق بل کی مخالفت کا فیصلہ

وزیراعظم خود اپنے اخراجات میں کمی کر رہے ہیں، ارکان پارلیمنٹ کیلئے مختص فضائی ٹکٹس کو انکے اہل خانہ کیلئے استعمال کرنا غلط ہے، حماد اظہر

میڈیا میں آنے کیلئے حکومت غلط بیانی کر رہی ہے، وزیر کو علم ہی نہیں کہ ارکان پارلیمنٹ کی تنخواہوں و الاؤنسز کا ترمیمی بل حکومت لیکر آئی، جاوید عباسی

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے سینیٹ میں ارکان پارلیمنٹ کی تنخواہوں و الاؤنسز سے متعلق ترمیمی بل 2020 کی مخالفت کر دی بدھ کو سینیٹ اجلاس کی صدارت چیئرمین صادق سنجرانی نے کی۔ اراکین پارلیمنٹ کی تنخواہوں اور مراعات کے حوالے سینٹ کی فنانس کمیٹی کی رپورٹ قاری محمد عتیق ناتیک کی جانب سے میاں عتیق نے سینیٹ میں پیش کی۔ (ن) لیگی سینیٹر جاوید عباسی نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ اراکین پارلیمنٹ کی تنخواہوں و الاؤنسز بارے بل حکومت نے ہی ایوان زیریں میں پیش کی تھی، یہ دوہرا معیار کیوں، بل حکومت اب سینٹ میں بل کی مخالفت کر رہی

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

بلوچستان انڈوومنٹ فنڈ کے پاس رقم کم اور مریض زیادہ ہیں، میر اسد بلوچ

مریضوں کی مکمل علاج کیلئے ہمیں ان ہسپتالوں کو ترجیح دینی چاہیے جو ہسپتال زیادہ علاج حوالے سے سستے ہوا تاکہ خطیر رقم کو بچا کر ان دوسرے مریضوں کی علاج کر سکیں

غریب مریضوں کے علاج کیلئے ملک کے بہترین ہسپتالوں میں انتظامات کئے جا رہے ہیں، صوبائی وزیر سماجی بہبود

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر سماجی بہبود میر اسد اللہ بلوچ کی زیر صدارت بلوچستان عوامی انڈوومنٹ بورڈ کا بارہواں اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں سیکرٹری سماجی بہبود عبدالرؤف بلوچ، ڈائریکٹر جنرل سماجی بہبود احسن اللہ مرتزر کی بلوچستان عوامی انڈوومنٹ کے پروگرام ڈائریکٹر ممتاز احمد بلوچ پروگرام کوآرڈینیٹر ناصر زہری، ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر ناصر علی بلوچ اور ڈپٹی ڈائریکٹر سماجی بہبود نیاز بلوچ کے علاوہ بولان میڈیکل ہسپتال اور سنیٹر ہسپتال کے نمائندوں نے بھی شرکت کی اجلاس میں مجموعی طور پر صوبے بھر کے مختلف امراض میں مبتلا 80 نئے کیسز پیش کر کے جن کے علاج کی منظوری دی گئی ان افراد کا تعلق صوبے کے غریب اور نادر خاندانوں سے ہیں ان کی علاج و معالجے کیلئے صوبے اور ملک کے بہترین ہسپتالوں میں انتظامات کئے جا رہے ہیں اور ان کا مکمل علاج ممکن ہے بورڈ کے اجلاس میں پیش کئے جانے والے کیسز میں سنیٹر ہسپتال کے 33 بولان میڈیکل (BMC) کے 28 اور اس کے

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

وزیراعظم عمران خان کی سسٹم پر گرفت ضعیف ہے وہ سسٹم کنٹرول نہیں کر پا رہے ہیں، سینیٹر جہانزیب جمالدینی

2 سال میں چھ نکات سمیت ہمارے ساتھ کئے گئے معاہدوں پر عملدرآمد نہیں کیا گیا

ہماری علیحدگی کے صوبائی حکومت پر بھی اثرات مرتب ہونگے، بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر جہانزیب جمالدینی نے کہا ہے کہ وزیراعظم عمران خان کی سسٹم پر گرفت ضعیف ہے وہ سسٹم کنٹرول نہیں کر پا رہے ہیں حکومت سے دوبارہ اتحاد مشکل ہے البتہ سیاسی جماعتوں کے دروازے بھی بھی بند نہیں ہوتے، 2 سال میں چھ نکات سمیت ہمارے ساتھ کئے گئے معاہدوں پر عملدرآمد نہیں کیا گیا، پرویز ملک، قاسم سوری سمیت دیگر حکومتی شخصیات نے ہمارے مطالبات پر کوئی دلچسپی ظاہر نہیں کی، اسد عمر برابر

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

مریم اور نگزیب نے بی این پی کی حکومت سے علیحدگی کو وزیراعظم عمران خان پر عدم اعتماد قرار دیدیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے بی این پی کی حکومت سے علیحدگی کو وزیراعظم عمران خان پر عدم اعتماد قرار دیدیا۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ بی این پی مینگل نے وزیراعظم عمران صاحب پر عدم اعتماد کر دیا ہے، اتحادی جماعتیں عمران صاحب حکومت پر عدم اعتماد

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

پی ٹی آئی اور بی این پی کے درمیان ہونے والا معاہدہ عجلت میں کیا گیا

سربراہ ایاز محمد رند

معاہدہ میں گواہ ضرور بنا لیکن آج نہ کسی اجلاس میں شرکت کی نہ ہی کسی مذاکرات کا حصہ رہا

بلوچستان نیشنل پارٹی کا ہم سے اتحاد ختم کرنا حکومت کے لئے ٹھیک نہیں ہے، صوبائی وزیر تعلیم

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے صوبائی پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر تعلیم سردار یار محمد رند نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی اور بی این پی کے درمیان ہونے والا معاہدہ عجلت میں کیا گیا، معاہدہ میں گواہ ضرور بنا لیکن آج نہ کسی اجلاس میں شرکت کی نہ ہی کسی مذاکرات کا حصہ رہا، بی این پی کی علیحدگی سے نقصان ضرور ہوا ہے لیکن حکومت کہیں نہیں جا رہی، بجٹ پاس ہوگا پی ٹی آئی کا کوئی بھی رکن کہیں نہیں جائیگا تمام لوگ وزیراعظم عمران خان کے ساتھ ہیں، اگر عمران خان وزیراعظم نہ ہوتے تو ملکی حالات مزید ابتر ہوتے، یہ بات انہوں نے نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہی، سردار یار محمد رند نے کہا کہ بلوچستان نیشنل پارٹی کا ہم سے اتحاد ختم کرنا حکومت کے لئے ٹھیک نہیں ہے بلوچستان کی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے ہمیں زیادہ سے زیادہ اتحادی اپنے ساتھ رکھنے چاہیے تاکہ یہاں کے لوگوں کو احساس شراکت داری دلایا جا سکے، انہوں نے کہا کہ عام انتخابات کے بعد جب پی ٹی آئی اور بی این پی

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

وفاق کو بلوچستان سے متعلق اپنی روش تبدیل کرنا ہوگی، منظور احمد کاکڑ

وفاق سے علیحدگی ہمارے لئے کوئی بڑا چیلنج نہ ہوگا وفاق سے اپنا حق مانگ رہے ہیں اسے بھیک تصور نہ کیا جائے

بلوچستان کے ان مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے جو ماضی میں نظرانداز ہوتے رہے، بلوچستان عوامی پارٹی

کوئٹہ/اسلام آباد (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے جنرل سیکرٹری سینیٹر منظور احمد کاکڑ نے کہا ہے کہ وفاق کو بلوچستان سے متعلق اپنی روش تبدیل کرنا ہوگی بی اے پی نے وفاقی حکومت کو ہر فورم پر اپنے بھرپور تعاون کا اظہار محض اس لئے کیا ہے کہ بلوچستان کے ان مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے جو ماضی میں نظرانداز ہوتے رہے ہمارے لوگ ہم سے امیدیں وابستہ کئے ہوئے ہیں ان کی امیدیں پوری نہ ہوئی تو وفاق سے علیحدگی ہمارے لئے کوئی بڑا چیلنج نہ ہوگا وفاق

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

بے روزگار افراد کی تعداد 21-2020 میں 66 لاکھ 50 ہزار تک پہنچ جائے گی

حکومت کے سالانہ منصوبے 21-2020 کے مطابق پاکستان میں دنیا کی نویں بڑی لیبر فورس ہے جو ہر سال بڑھتی جاری ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) مالی سال 21-2020 کے دوران ملک میں بے روزگار افراد کی تعداد 66 لاکھ 50 ہزار تک پہنچنے کا تخمینہ لگایا گیا ہے جبکہ مالی سال 20-2019 کے دوران اس کی تعداد 58 لاکھ تھی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق حکومت کے سالانہ منصوبے 21-2020 کے مطابق پاکستان میں دنیا کی نویں بڑی لیبر فورس ہے جو ہر سال بڑھتی جاری ہے۔ ملازمت یافتہ افراد کی تعداد 21-2020 میں 6 کروڑ 92 لاکھ ہو جائے گی جو 20-2019 میں 6 کروڑ 21 لاکھ رہی۔ لیبر فورس سروے 18-2017 کے مطابق آئندہ مالی سال (21-2020) کے لیے بے روزگاری کی

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وزیراعظم کے مشیر برائے خزانہ و محصولات ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ ای سی سی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عوام افواہوں سے بچنے کیلئے احتیاطی تدابیر اختیار کریں، ملک سے رجوع میں ہی نجات ہے، مولانا عبدالحق ہاشمی

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ بلوچستان بھر میں سخت گرمی میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ و آٹا چینی پینے کے پانی کی قلت نے عوام الناس سمیت تاجروں صنعتکاروں سمیت ہر طبقے کو شدید متاثر کیا انڈسٹری نہ ہونے، زرعی ٹیوب ویلز کی وجہ سے بلوچستان میں بجلی کا

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

جو لاہور والوں کو جاہل کہے وہ خود جاہل ہے، خواجہ سعد رفیق

حکومت کرونا کی بجائے اپوزیشن سے لڑ رہی ہے، وزیراعظم کا کام صرف اپوزیشن کو برا بھلا کہنا ہے، میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ جو لاہور والوں کو جاہل کہے وہ خود جاہل ہے، پوری دنیا نے کہا کہ کچھ عرصہ کے لئے مکمل لاک ڈاؤن کریں لیکن ہمارے وزیراعظم نے کہا کہ ہم اسمارٹ لاک ڈاؤن کریں گے، اب کرونا ملک بھر میں پھیل چکا ہے۔ لاہور کی احتساب عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ سعد رفیق نے کہا کہ پوری دنیا نے کہا کہ کچھ عرصہ کے لئے مکمل لاک ڈاؤن کریں لیکن ہمارے وزیراعظم نے کہا کہ ہم اسمارٹ لاک ڈاؤن کریں گے

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

آنے والے بجٹ میں کسی علاقے کو بھی نظرانداز نہیں کرینگے، نور محمد دمڑ

2007ء کو ہرنائی کو ضلع اور شاہرگ کو تحصیل کا درجہ ملنے کے باوجود شاہرگ تحصیل گزشتہ 14 سالوں سے غیر فعال ہے

تحصیل شاہرگ کو 14 سال میں فنکشنل نہ کرنا قوم پرست اور مذہبی جماعتوں کیلئے سوالیہ نشان ہے، صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا

ہرنائی (آن لائن) بی اے پی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر جام کمال خان نے یقین دلایا کہ آنے والے بجٹ میں ہر علاقے کو برابر حصہ ملے گا کسی بھی علاقے کو نظرانداز نہیں کریں گے، تحصیل شاہرگ کو 14 سال میں فنکشنل نہ کرنا قوم پرست اور مذہبی جماعتوں کیلئے سوالیہ نشان ہے شاہرگ تحصیل کو فنکشنل کرنے کیلئے ہر ممکن کوشش کریں گے یہ امر قابل افسوس ہے کہ 2007ء کو ہرنائی کو ضلع اور شاہرگ کو تحصیل کا درجہ ملنے کے باوجود شاہرگ تحصیل گزشتہ 14 سالوں سے غیر فعال ہے ماضی میں برسر اقتدار مذہبی اور قوم پرست جماعتوں نے عوام کے اجتماعی مفادات کے منصوبوں پر توجہ نہ دینے کی وجہ سے حلقے انتخاب کے دونوں اضلاع کے عوام بے شمار مسائل کا شکار ہے جن کے حل کیلئے دن

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

تبدیلی کی دعوے دار حکومت نے نظام کو ایسا تبدیل کیا کہ عوام کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے، سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ

پی ٹی آئی حکومت 18 ویں ترمیم پر ضرب لگانا چاہتی ہے جو کہ ہم کسی صورت نہیں ہونے دیں گے، پاکستان مسلم لیگ (ن)

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی جنرل سیکرٹری و سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ کو جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر و رکن صوبائی اسمبلی مولانا عبدالواسع کا فون، ملکی و صوبائی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال 20 جون کو جمعیت علماء اسلام کی آل پارٹیز کانفرنس میں شرکت کی دعوت دی، اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ تبدیلی کی دعوے دار حکومت نے نظام کو ایسا تبدیل کیا کہ مہنگائی، بے روزگاری، بدامنی، ذخیرہ اندوزی اور کورونا وائرس کی

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: امیر جماعت اسلامی سینیٹر سراج الحق سے افغانستان کے سفیر شکر اللہ عاطف مشعل ملاقات کر رہے ہیں

وفاق 2 سال سے بلوچستان کو ہر معاملے میں نظرانداز کر رہا ہے، مولانا واسع

صوبے کے مسائل پر جمعیت علماء اسلام نے 20 جون کو آل پارٹیز کانفرنس بلائی ہے تاکہ صوبے کی محرومیوں کے ازالے سے متعلق آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جا سکے

بہترین فیصلہ کیا ہے وفاق گزشتہ 2 سالوں سے بلوچستان کو ہر معاملے میں نظرانداز کر رہا ہے، بلوچستان نیشنل پارٹی کا حکومت سے علیحدگی کا فیصلہ خوش آئند ہے، ایم این اے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر و رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالواسع نے بلوچستان نیشنل پارٹی کی حکومت سے علیحدگی کے فیصلے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ سردار اختر جان مینگل نے عوامی مسائل کو دیکھتے ہوئے بہترین فیصلہ کیا ہے وفاق گزشتہ 2 سالوں سے بلوچستان کو ہر معاملے میں نظرانداز کر رہا ہے صوبے کے مسائل پر جمعیت علماء اسلام نے 20 جون کو آل پارٹیز کانفرنس بلائی ہے تاکہ صوبے کی محرومیوں کے ازالے سے متعلق آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جا سکے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان نیشنل پارٹی کی حکومت سے علیحدگی کے معاملے پر ردعمل دیتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت دو سالوں سے بلوچستان کے مسائل کو نظرانداز کرتی آ رہی ہے صوبے کے مسائل کے حل کیلئے پاکستان تحریک انصاف

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں پرائیویٹ تعلیمی ادارے تعلیم کے فروغ میں اپنا بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں، محمد نواز چدرانی

ہمارے مستقبل کی معمار ہیں جنہیں بہتر تعلیم فراہم کرنا حکومت کے ساتھ ساتھ ہم سب کی ذمہ داری ہے، آل بلوچستان پروگریسو پرائیویٹ اسکولز ایسوسی ایشن

کوئٹہ (این این آئی) آل بلوچستان پروگریسو پرائیویٹ اسکولز ایسوسی ایشن کے صدر محمد نواز چدرانی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں پرائیویٹ تعلیمی ادارے تعلیم کے فروغ میں اپنا بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں کیونکہ بچے ہمارے مستقبل کی معمار ہیں جنہیں بہتر تعلیم فراہم کرنا حکومت کے ساتھ ساتھ ہم سب کی ذمہ داری ہے، صوبائی وزیر تعلیم کے پرائیویٹ اسکولز پر بچوں سے دشمنی کے الفاظ استعمال کرنے کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے حکومت فوری طور پر تعلیمی اداروں کو کھولنے کا

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر زرعی مصنوعات سے متعلق خصوصی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

خاتمتی ٹیکہ جات کی سہولیات مکمل طور پر بحال کی گئی ہیں، ڈاکٹر احمد زمان جمالی ضلعی ناظم صحت کوئٹہ

کوئٹہ (این این آئی) ضلعی ناظم صحت کوئٹہ ڈاکٹر احمد زمان جمالی نے کہا ہے کہ کورونا وائرس کے پھیلاؤ کے سبب حفاظتی ٹیکہ جات کی سہولیات جزوی طور پر میسر تھی چونکہ مختلف علاقوں سے خسرہ اور دیگر بیماریوں کے کیسز رپورٹ ہونے کے بعد یہ فیصلہ کیا گیا ہے حفاظتی ٹیکہ

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

سرمایہ کاروں اور کاروباری طبقے

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

18 جون 2020ء

پاکستان میں بے روزگار افراد کی تعداد بے حد اضافہ

مالی سال 21-2020 کے دوران ملک میں بے روزگار افراد کی تعداد 66 لاکھ 50 ہزار تک پہنچنے کا تخمینہ لگایا گیا ہے جبکہ مالی سال 20-2019 کے دوران اس کی تعداد 58 لاکھ تھی۔ پاکستان میں دنیا کی نویں بڑی لیبر فورس ہے جو ہر سال بڑھتی جارہی ہے۔ ملازمت یافتہ افراد کی تعداد 21-2020 میں 6 کروڑ 92 لاکھ ہوجائے گی جو 20-2019 میں 6 کروڑ 21 لاکھ رہی۔ آئندہ مالی سال (21-2020) کے لیے بے روزگاری کی شرح 9.56 فیصد بتائی گئی ہے، پاکستان میں تعلیم یافتہ بے روزگار افراد خصوصاً ڈگری رکھنے والے بے روزگار افراد کے رجحان میں اضافہ دیکھا جارہا ہے، ڈگری رکھنے والوں میں بے روزگاری کی شرح دیگر مجموعی طور پر بے روزگار افراد کے مقابلے میں تقریباً 3 گنا زیادہ ہے پاکستان دنیا کا چھٹا سب سے زیادہ آبادی والا ملک ہے جس کی مجموعی آبادی 21 کروڑ سے زائد ہے، آبادی میں اضافے کی موجودہ شرح کو دیکھتے ہوئے اس کا اندازہ لگایا جاتا ہے کہ 2030 تک اس کی آبادی 28 کروڑ تک پہنچ جائے گی، فی الحال آبادی میں 63 فیصد افراد کی عمر 30 سال سے کم ہے۔ اس وقت نوجوانوں کو روزگار کے لیے صحیح مہارتیں حاصل کرنے میں مدد کرنا معاشی لحاظ سے معنی رکھتا ہے جبکہ نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد اس وقت تعلیم، روزگار یا تربیت سے وابستہ نہیں۔ پاکستان میں خصوصی تکنیکی، پیشہ ورانہ تعلیم اور تربیت کے شعبے میں داخلے بھی کم ہیں جو دونوں صنفوں میں مہارت کی تربیت کی اعلیٰ طلب کے باوجود برقرار ہے، نوجوانوں میں روزگار سے متعلق صلاحیتوں کے فرق کے نمایاں اثرات سامنے آرہے ہیں، لہٰذا تعلیم اور ملازمت کے مابین ایک مشترک رشتہ برقرار رکھنا انتہائی ضروری ہے۔ حکومت کا دعویٰ ہے کہ سالانہ منصوبے میں ہنر کی ترقی پر فوکس کیا گیا ہے جو نوجوانوں کے لیے نتیجہ خیز روزگار کے مواقع فراہم کرے گا۔ وبا کے منفی معاشی اثرات مختلف طریقوں سے سامنے آئے جس میں گھریلو طلب میں کمی، کاروباری سرگرمیوں میں کمی، درآمد اور برآمد میں کمی اور سپلائی چین میں خلل کی وجہ سے پیداوار میں کمی شامل ہیں اس کا ایک سب سے اہم اثر روزگار میں کمی کی صورت میں سامنے آیا، افرادی قوت کو اس وقت پریشانیوں کا سامنا ہے، وبائی بیماری نے صحت کے بحران سے لے کر معاشی اور مزدور مندی کے بحرانوں میں تیزی سے اضافہ کیا ہے۔

صوبائی مشیر نعیم بازئی اور عوامی سرگرمیاں

نصراللہ شیخ

وہان چین کے صوبے ہوبئی کا دارالحکومت ہے جس کی آبادی تقریباً 11.8 ملین ہے گنجان آبادی والے اس شہر میں ضروریات زندگی کی جدید سہولیات میسر ہیں لوگ خوشحال جگہ جگہ پارکس اور ماڈرن ٹیکنالوجی نے اس شہر کی خوبصورتی میں چار چاند لگا رکھے ہیں شہر کی آبادی گنجان، لاتعداد فرانسپورٹ ریلوے کا ایک بہت بڑا نظام کاروباری لحاظ سے چین کی معیشت میں اس شہر کا ایک بڑا کردار ہے دسمبر 19 وہان میں رہنے والے ایک کروڑ سے زائد لوگوں کے لیے ایک بھیانک دن تھا جب اس دن شہر میں ایک وائرس کا انکشاف ہوا میں اس وائرس سے متاثرہ افراد میں اضافہ ہوتا گیا ہے۔ پلک جھپکتے ہی اس وبا نے پورے وہان شہر کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ معاملہ اموات تک پہنچ گئی صرف میڈیا پر وہان میں پھیلنے والے وبا کے بارے میں تذکرے ہورہے تھے طاقت کے نشے میں دنیا کے مختلف ممالک اپنی ٹیکنالوجی کے بل بوتے پر لڑنے کرنے والے ممالک ٹیل کی طاقت پر قبضہ جمانے والے ممالک سب اپنے اپنے مقاصد کے حصول میں مصروف تھے انہیں گمان بھی نہیں تھا کہ وہ بھی اس وباء سے متاثر ہونگے یا ایسی حالت وہان کی ہے اس طرح ہمارے ساتھ بھی ہوسکتا ہے لیکن جوں جوں وقت گزرتا گیا اس نے دنیا کے باقی ممالک کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا دیکھتے ہی دیکھتے دنیا کے تقریباً دو سو سے زائد ممالک اس نہ ختم ہونے والی عالمی وباء کرونا وائرس کی زد میں آگئے دنیا میں اس وقت چار لاکھ سے زائد افراد اس وبا کی وجہ سے اپنی زندگی کی بازی ہار چکے ہیں دن بدن اموات کی شرح میں اضافہ ہوتا جارہا ہے یورپ اور امریکہ اس وبا کی وجہ سے بہت زیادہ متاثر ہوئے ہیں۔ اٹلی فرانس اور برطانیہ کی بری حالت ہوگئی ہے امریکی صدر نے کہا کہ ہم نے ایک لاکھ بلاکتوں کے بعد بھی کرونا کو روک لیا تو یہ بہت بڑا معجزہ ہوگا لیکن 15 جون تک امریکہ میں ایک لاکھ سے زائد لوگ کرونا سے ہلاک چکے ہیں پتہ نہیں ان اموات میں کتنا اضافہ ہوگا۔ کار خانے بند ہوچکے ہیں ٹرانسپورٹ، ہوائی جہاز، بحری جہاز سب بند ہوچکے ہیں دنیا کی معیشت کا پہیہ تقریباً جام ہوکر رہ گیا ہے وہی پاکستان بھی اس سے محفوظ نہیں رہا پاکستان میں اس وائرس سے متاثرہ افراد کی تعداد ایک لاکھ پچاس ہزار سے زائد ہوچکی ہے اور اس میں مزید اضافہ ہونے کا خدشہ ہے پاکستان میں سب سے زیادہ سندھ اور پنجاب اس کی لپیٹ میں ہیں۔ لاک ڈاؤن کرنے کے باوجود بھی اس میں اضافہ ہورہا ہے ایک اندازے کے مطابق اگر اس وباء کے پھیلنے کو کنٹرول نہیں کیا گیا تو اگلے آنے والے کچھ مہینوں میں پاکستان میں متاثرہ افراد کی تعداد لاکھوں میں ہوگی، لہٰذا ہمیں سختی سے لاک ڈاؤن پر عمل کرنے کی ضرورت ہے اس سے بچاؤ کا واحد علاج معاشرتی دوری اور گھروں تک محدود ہوکر ہی اس وباء سے بچا جاسکتا ہے کیونکہ یہ وائرس متاثرہ شخص سے دوسرے افراد میں فوری منتقل ہوجاتا ہے ان احتیاتی تدابیر اور لاک ڈاؤن پر سختی سے عمل کرکے چین نے وہان شہر کو اس سے صاف کردیا ہے اور یہی وجہ ہے۔ پاکستان ایک ترقی پذیر ملک ہے یہاں غربت کی شرح بہت زیادہ ہے ہمارے ملک میں طویل اور سخت لاک ڈاؤن سے نادار، غریب اور مزدور طبقے کو بہت متاثر کر رکھا ہے ان افراد کو گھروں میں اگر محدود کرنا ہے تو انہیں ان کی دہلیز پر ضروریات زندگی کا سامان پہنچانا ہوگا حکومت اس پر تیزی سے کام کررہی ہے اور رفاہی ادارے بھی خوراک کا سامان غریبوں میں تقسیم کررہے ہیں صوبہ بلوچستان بھی اس وبا سے محفوظ نہیں اس کے پھیلاؤ میں روز بروز اضافہ ہورہا ہے۔ 15 جون کے ڈیٹا کے مطابق صوبے میں وائرس سے متاثرہ مریضوں کی اموات 76 ہوگئی ہے جب کے وائرس کے مثبت رزلٹ کی تعداد سات ہزار سے تجاوز کرگئی ہے 15 جون تک صوبے بھر میں کرونا کے کئے گئے مجموعی ٹیسٹ کی تعداد 23000 تجاوز کرگئی ہے۔ درج بالا اعداد وشمار میں روز بروز اضافہ ہورہا ہے اس اضافے کو ایک حد تک قابو کرنے کے لیے حکومت بلوچستان نے بھی لاک ڈاؤن پر سختی سے عمل کرنے کی ہدایت دے رکھی ہے۔ ان ہدایات پر عمل کرنا ہر شہری کا فرض ہے چونکہ اس وباء سے بچنے کا واحد حل معاشرتی دوری اور گھروں تک محدود رہنا ہے عوام اس پر کافی حد تک عمل بھی کررہی ہے اس وباء کو قابو کرنے کے لئے اس وقت وزیر اعلیٰ بلوچستان کی قیادت میں حکومت دن رات کوشاں ہے صوبے کے تمام اضلاع میں انتظامیہ کی مدد سے غریب نادار مزدور اور دیہاڑی دار طبقے میں راشن کی تقسیم کا کام جاری ہیں۔ صوبے میں کرونا وائرس سے سب سے زیادہ کوئٹہ شہر متاثر ہوا ہے صوبے کے تمام اضلاع سے متاثرہ مریضوں کو علاج کے لئے کوئٹہ لایا جاتا ہے۔ موجودہ صوبائی اسمبلی اپنے حلقوں میں موجود ہیں ان صوبائی اسمبلی اپنے اپنے حلقوں میں کرونا وائرس کے تدارک اس سے بچانے کے لیے اپنے علاقوں میں شعور وآگاہی مہم اور راشن کی تقسیم کا کام بڑھ چڑھ کر رہے ہیں۔ صوبائی مشیر ایکسائز وٹیکسیشن ملک نعیم خان بازئی بھی اپنے حلقے میں کورونا وائرس سے بچاؤ کے لیے، شعور وآگہی مہم اور راشن کی تقسیم میں بڑھ چڑھ کر روزانہ حصہ لے رہے ہیں۔ عوام میں سینیٹائزر، ماسک اور نقد رقم کی تقسیم فرض جو بھی ہو اپنے حلقے کی غریب عوام کی خدمت میں ہر وقت کوشاں ہیں نعیم خان بازئی ایک غریب پرور اور خدائی خدمت گار شخصیت کا مالک ہے۔ ممبر صوبائی اسمبلی بننے سے پہلے بھی موصوف اپنے علاقے میں غریب ونادار افراد کی مدد اور سماجی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہے اس یہی وجہ ہے کہ اس علاقے کے عوام نے انہیں علاقے کی خدمت کا موقع دیا۔ ضلع کوئٹہ کے اس علاقے کی آبادی زیادہ اور پھیلی ہوئی ہے اس علاقے کے بڑے علاقوں میں کچاک مچھائی، اغبرگ، نوحصار اور بیلی شامل ہیں۔ اس وباء سے پہلے بھی اس نے اپنے حلقے میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھا رکھا ہے۔ لاک ڈاؤن کی صورت میں صوبائی مشیر اپنے عوام میں موجود رہے اور اپنے عوام کی ہر ممکن مدد کرنے کی کوشش کررہے ہیں اس صورتحال سے نمٹنے کے لیے صوبائی مشیر نے سب سے پہلے صحت کے شعبے میں کام شروع کی اور مفتی محمود اسپتال کچاک کا دورہ کیا تھا اور ہسپتال میں موجود عملے نے صوبائی مشیر کو اپنے مسائل سے آگاہ کیا صوبائی مشیر نے فوری اقدامات اٹھاتے ہوئے اپنی جیب سے دو نارمل ایمبولینس کی مرمت کروائی۔ اس کے علاوہ اپنے علاقے کے غریب اور دیگر افراد میں راشن کی تقسیم بھی شروع کی جس میں کچاک میں لوکل بسوں کے کلینرز اور ڈرائیور اور مزدوروں میں اپنی مدد آپ کے تحت راشن تقسیم کی، ایک ایسا لائحہ عمل طے کیا کہ جس سے اپنے حلقے میں راشن کی تقسیم کا عمل خوش اسلوبی سے جاری ہے۔ خدمت اور مدد کا یہ سلسلہ ختم نہیں ہوا صوبائی مشیر روزانہ اپنے علاقے کے کسی حلقے کا دورہ کرتے ہیں جہاں راشن کی تقسیم، ماسک، سینیٹائزرز اور نقد رقم کے علاوہ وہ عوام کے مسائل سنتے ہیں انہیں فوری حل کرنے کے احکامات جاری کرتے ہیں اپنے حلقے کے عوام کی مدد کے لئے غیر سرکاری تنظیموں کی طرف سے جو امداد تقسیم ہورہی ہے اس حوالے سے بھی صوبائی مشیر تمام غیر سرکاری تنظیموں سے رابطے میں ہیں، ان کے تعاون سے جو بھی ممکن ہو سب کام کروا رہے ہیں اب تک اپنے علاقے میں صوبائی مشیر نے حکومت بلوچستان کی جانب سے پندرہ سو مستحق خاندانوں میں راشن بھی تقسیم کیا ہے اس کے علاوہ اپنی مدد آپ کے تحت تقریباً پانچ ہزار افراد راشن تقسیم کیے ہیں۔ علاقہ مکینوں کو اس بات کی تسلی ہے کہ ان کا منتخب کردہ نمائندہ ان کے درمیان موجود ہے نعیم بازئی کا کہنا ہے کہ ہم عوام کی خدمت کرنے کے لیے منتخب ہوئے ہیں مشکل کی اس گھڑی میں ان کی مدد کیلئے ہم ہر وقت حاضر ہیں۔ انشاءاللہ وہ وقت دور نہیں کہ اس وباء کا خاتمہ ہوگا۔ نیز صوبائی حکومت اور انتظامیہ اس وباء کو ختم اور پھیلنے میں کنٹرول کرنے کے لئے اپنی چوٹی کا زور لگا رہے ہیں اور اس کا خاتمہ اس وقت ممکن ہے جب تک عوام لاک ڈاؤن پر سختی سے عمل کریں، اور دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس وباء کو ہمارے ملک اور صوبے سے ختم کرے۔ آمین۔

ہارنے میں اک انا کی بات تھی

ایک عورت سے کھانے میں نمک تیز ہوگیا۔ شوہر کھانے کے لیے بیٹھا تو اتنا تیز نمک دیکھ کر اس غصہ آگیا۔ غریب آدمی تھا چھ ماہ بعد مرغی کا گوشت لایا تھا۔ چھ ماہ سے دال سبزی کھا کھا اس کی زبان گوشت کھانے کے لیے بے

چین تھی مگر بیوی نے نمک تیز کرکے سارا سالن خراب کردیا اس نے بیوی کو کچھ نہ کہا چپ چاپ کھالیا ذہن میں بار بار یہ خیال آتا رہا میں مرد ہوکر اس کو کچھ نہ کہوں اس سے ہار جاؤں اس کشمکش میں اس نے دل ہی دل میں کہا: اے اللہ اگر میری بیٹی سے نمک تیز ہوجاتا تو میں یہ پسند کرتا کہ میرا داماد اسے معاف کردے۔ میرے جگر کے ٹکڑے کو کچھ نہ کہے۔ میری بیوی بھی تو کسی کے جگر کا ٹکڑا ہے، کسی ماں باپ کی بیٹی ہے، اور سب سے بڑھ کر تیری بندی ہے۔ اے اللہ! میں اسے تیری رضا کے آگے ہار گیا میں اسے معاف کرتا ہوں۔" کچھ عرصہ بعد جب اس کا انتقال ہوگیا تو ایک اللہ والے نے اسے خواب میں دیکھا اور پوچھا بھائی تیرے ساتھ کیا معاملہ ہوا۔ اس نے جواب دیا کہ مجھے اللہ کے سامنے پیش کیا گیا اور اللہ تعالیٰ نے مجھے میرے گناہ گنوائے کہ تو نے فلاں گناہ کیا فلاں گناہ کیا۔ میں نے سمجھ لیا کہ میں اب ان گناہوں کی وجہ جہنم میں جاؤں گا۔ لیکن اللہ نے آخر میں فرمایا کہ۔ "جا میں نے تمہیں اس وجہ سے معاف کیا کہ تم نے اپنی بیوی کو اس دن میری بندی سمجھ کر معاف کیا تھا"۔ اب ایک اور کہانی بھی آپ کے لئے سوچنے کے کئی دریچے کھول کر رکھ دے گی شاید آپ سوچیں کہ ہارنے میں انا حائل ہوتی ہے لیکن یہ بھی سوچنا پڑے گا کہ جیت جانے میں اور خسارے کا احتمال ہوتا ہے

اسٹوڈنٹس نے ٹیچر سے کہا سر آپ ہمارے ساتھ کرکٹ کھیلیں 5 گیندوں پر ٹیچر نے 2 رن بنائے چھٹی گیند پر کلین بولڈ ہوگئے

اسٹوڈنٹس نے شور مچا کر بھرپور خوشی ظاہر کی

کلاس میں ٹیچر نے پوچھا کون کون چاہتا تھا کہ میں اسکی گیند پر آؤٹ ہوجاؤں؟

سب باؤنڈریز نے ہاتھ کھڑے کردیئے

ٹیچر ہنس دیئے پوچھا میں کرکٹر کیسا ہوں؟ سب نے کہا بہت برے

پوچھا میں ٹیچر کیسا ہوں جواب ملا بہت اچھے

ٹیچر پھر ہنس دیئے

صرف آپ نہیں دنیا بھر میں پھیلے ہوئے میرے ہزارہا اسٹوڈنٹس جن میں کئی میرے نظریاتی مخالف ہیں گواہی دیتے ہیں کہ میں اچھا ٹیچر ہوں راز کی بات بتاؤں میں جتنا اچھا ٹیچر ہوں اتنا اچھا اسٹوڈنٹ نہیں تھا مجھے ہمیشہ سبق یاد کرنے میں دشواری کا سامنا کرنا پڑا اور بات رکھنے میں دقت لگا لیکن کیا آپ بتا سکتے ہیں اسکے باوجود مجھے اچھا ٹیچر کیوں مانا جاتا ہے؟

سب نے کہا سر آپ بتائیں کیوں؟

ٹیچر نے کہا جی طرح یاد ہے اپنے ٹیچر کے ہاں دعوت کی تیاری میں انکی مدد کررہا تھا فریزر سے برف نکالی جسے توڑنے کیلئے کمرے میں کوئی شے نہیں تھی استاد کام کیلئے کمرے سے نکلے تو میں نے مکا مار کر برف توڑ دی اور استاد کے آنے سے پہلے جلدی سے ٹوٹی ہوئی برف دیوار پر بھی دے ماری استاد کمرے میں آئے تو دیکھا کہ میں نے برف دیوار پر مار کر توڑی ہے انہوں نے مجھے ڈانٹا کہ تمہیں عقل کب آئیگی یوں برف توڑی جاتی ہے میں نے انکی ڈانٹ خاموشی سے سنی بعد میں انہوں نے اس بیوقوفی کا ذکر کئی جگہ کیا میں ہمیشہ بیوقوفوں کی طرح سر ہلا کر انکی ڈانٹ سنتا انہیں آج بھی نہیں معلوم کہ برف میں نے مکا مار کر توڑی تھی یہ بات میں نے انہیں اسلئے نہیں بتائی کہ وہ ایک ہاتھ سے معذور تھے انکی غیر موجودگی میں میں نے جوانی کے جوش میں مکا مار کر برف توڑ دی لیکن جب انکی معذوری کا خیال آیا تو سوچا کہ میرے طاقت کے مظاہرے سے انہیں احساس کمتری نہ ہو اس لیئے میں نے برف دیوار پر مارنے کی احمقانہ حرکت کی اور لمبے عرصے تک انکی ڈانٹ سنتا رہا اور ایک آپ لوگ ہیں کہ ایک دوسرے کو چیخ چیخ کر ہدایات دے رہے تھے کہ سر کو مار کر مار کر آؤٹ کردینا سب کچھ نہیں ہوتا کبھی ہارنے سے زندگی میں جیت کے رستے کھلتے ہیں آپ طاقت میں اپنے ٹیچرز اور والدین سے بے شک بڑھ جاتے ہیں لیکن زندگی میں سب سے جیتنا چاہتے ہیں تو اپنے ٹیچرز اور والدین سے جیتنے کی کوشش نہ کریں آپ کبھی نہیں ہاریں گے اللہ پاک آپکو ہر میدان میں سرخرو رکھے آمین ثم آمین!

گنداواہ شہر کی نامور شخصیت، مرحوم سردار حاجی سید انور شاہ بخاری

منیر احمد رڈ

23 مئی 2020 چاندرات کی شب گنداواہ شہر کی نامور اور معزز قبائلی شخصیت سردار حاجی سید انور شاہ بخاری صاحب کی اس فانی دنیا سے جانے کی خبر ملی کچھ ایسی خبر کہ کان سن ہوگئے آنکھیں نم ہوگئیں دل بہت غم زدہ ہوگیا اور دماغ ماضی کے اوراق میں سوچنے پر مصروف ہوگئے میری جو کیفیت ہوئی ایسے الفاظ میں بیان کرنا مشکل ہوسکتا ہے

گنداواہ نا ہی بلکہ پاکستان میں کچھ لوگ ہوں جنہیں دیانت کا پتا ہو میرے خیال میں کسی کو شاید ہی اپنے علاوہ دیانت دار تلاش کررہے ہیں سردار حاجی سید انور شاہ بخاری ایک دیانت دار شخص اور کسی سے اپنی ذاتی مفادات کے لئے کام نہیں کرتا تھا وہ ہمارے شہر دوست تھے میری تو اتنی عمر بھی نہیں ہے جتنی حاجی سید انور شاہ بخاری کی ہمارے شہر گنداواہ کے لئے خدمات ہیں اس کا میں اندازہ لگا سکتا ہوں اور نا میں بیان کرسکتا ہوں میری اور میرے دوست خادم حسین سومرو کی جب ان سے ملاقات ہوئی تو ان نے ہمیں جو ہمت اور حوصلہ دیا شاید آج تک ہمارے نصیب میں نہیں ملے گا لیکن ان کا ساتھ وقت کے ساتھ اس طرح بڑھتا گیا کہ اب ہم ان کو اپنا حقیقی معنوں میں استاد تسلیم کر لیا اور ہم ان کے لئے اہم فرد بن گئے

جب کچھ عرصہ اس سے ملتے نہیں جاتے تھے تو وہ خود یاد کرتا اور کہتا آپ لوگ کیوں میرے پاس نہیں آرہے ہو پھر ہم ان کے پاس جاتے سردار حاجی سید انور شاہ بخاری پروقار شخصیت کے مالک نہایت ہی نفیس آدمی تھے وہ گنداواہ کے ہر عوام وخاص کے دل میں ہمیشہ نہایت شریف شخص اور بہت ہی باصلاحیت رہنما کے طور پر جانا جاتا تھا وہ جس کی بھی مدد کرتے بہت خوش ہوتے تھے وہ ایک پروقار شخصیت کے مالک عمدہ گفتگو اور ان کے چہرے پر ہمیشہ مسکراہٹ سجائے رہتی تھی جو اس کو جانتے ہوگئے وہ دیگر سے مختلف پایا ہوگا وہ مشکل حالات کو بھی بہت ہلکے پھلکے انداز میں لیتے تھے

جب بھی ہماری ان سے ملاقات ہوئی تو وہ ہمیشہ خاص تواضع کرتا وہ ہمیشہ تواضع کرنے کا بڑا خیال رکھتے تھے وہ ایک عہد ساز خود ساز اور تاریخ ساز شخصیت کے مالک تھے ان نے اچھی تربیت کے حوالے سے میں ایک سوال پوچھا تو کہنے لگے جو رویہ دوسروں سے چاہتے ہو خود ان کو کرکے دکھاؤ غلط کام کے معاملے میں کوئی لحاظ نہ رکھو ان کا ظاہر اور باطن ہر اس شخص پر واضح ہے جو ان سے مل چکا ہے وہ ہر ایک سے اس قدر محبت سے ملتے کہ یوں محسوس ہوتا کہ ان کا پیکر محبت کے سانچے میں ڈھلا ہوا ہے دنیا میں ایسے لوگ بہت کم پائے جاتے ہیں

جو دوسروں کے مسائل کو اپنے مسائل بنا لیتے ہوں مجھے ان کے پاس بیٹھ کر اور ان کی باتیں سن کر ہمیشہ یہ احساس ہوتا کہ جیسے کہیں ایک گھنے سایہ دار درخت کے سائے میں بیٹھا ہوں گنداواہ شہر کے مسائل پر غیر معمولی ترجیح رکھتے تھے مشکلات کے باوجود خود اپنے وسائل سے دوسروں کی مدد کے لئے ہر وقت تیار رہتے تھے

گنداواہ کے لوگوں کے ساتھ ان کا دلی تعلق تھا جو گنداواہ شہر کی ترقی وخوشحالی کیلئے ان کے کام کیا اس کا بیان کرنا میرے بس کا نہیں ہے اصولی موقف کے سامنے ڈٹ جانا بھی وہ اپنا فرض سمجھتے تھے ان کی محنت اپنے شہر گنداواہ کے لوگوں کے لئے کسی صورت میں فراموش نہیں کرسکتے انہوں اپنے شہر گنداواہ پر خودداری پر کبھی آنچ نہیں آنے دی

گنداواہ کے شہری انہیں طویل عرصہ تک بہت قریب سے دیکھا وہ بہت اصول پسند محبت کرنے والے صاف طبیعت اور بنیادی طور پر نیک انسان تھے ان میں بھی خامیاں بھی ہوں گی کمزوریاں بھی ہوں گی اور ان سے جانے انجانے میں زیادتیاں بھی ہوئی ہوں گی میں اللہ سے ان کی لغزشوں اور خطاؤں کی معافی کا درخواست گار ہوں گا اور جنت میں ان کے لئے اعلیٰ مقام کے لئے دعا گو ہوں ہمیں بہت افسوس ہے کہ آج وہ ہم میں نہیں ہیں اور انکی کمی ہمیشہ محسوس کرتے رہیں گے۔

کبھی یادیں، کبھی باتیں، کبھی پچھلی ملاقاتیں بہت کچھ یاد آتا ہے، تیرے ہر اک یاد آنے سے۔۔!!

بلوچستان کا بجٹ اور احتجاج

بلوچستان کا بجٹ آج 18 جون کو پیش کئے جانے کا امکان ہے جبکہ اپوزیشن جماعتوں نے احتجاجی تحریک کی تیاری کرلی۔ محکمہ خزانہ کے مطابق بجٹ کا حجم 4 کھرب روپے سے زائد ہے جس میں غیر ترقیاتی اخراجات کا حجم 340 ارب روپے ہوگا۔ صحت اور تعلیم کے شعبے اولین ترجیح ہوں گے جبکہ نئے مالی سال کا بجٹ خسارے کا ہوگا۔ بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن جماعتوں نے بجٹ سے قبل ہی تحریک چلانے اور حکومت کو فک ٹائم دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ اپوزیشن رہنماء عبدالرحیم زیارتوال نے صوبے کے تمام اسپتالوں میں کرونا وارڈز اور لیبارٹریاں قائم کرنے سمیت احساس پروگرام میں کرپشن کی تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ اسکے علاوہ اپوزیشن جماعتوں نے ایران اور افغانستان کے سرحدی علاقوں کے مکینوں کی بیروزگاری کا نوٹس لینے کا بھی مطالبہ کیا ہے۔ خبر ہے کہ وفاقی کی جانب سے 30 ارب کوئٹہ کے بعد بلوچستان حکومت کو بجٹ تشکیل دینے میں مشکلات کا سامنا ہے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے صوبے کے فنڈز میں 30 ارب کوئٹہ کے بعد بلوچستان حکومت کو بجٹ تشکیل دینے میں مشکلات کا سامنا خسارہ 80 ارب تک پہنچنے کا امکان محکمہ خزانہ نے بجٹ اجلاس 18 کی بجائے 20 جون کو طلب کی سری صوبائی حکومت کو ارسال کردی، محکمہ خزانہ بلوچستان کے ذرائع کے مطابق وفاقی حکومت کے ترقیاتی بجٹ بری طرح متاثر ہوکر صرف ستر ارب ہونے امکان ہے وفاقی حکومت نے رواں مالی سال کیلئے قابل تقسیم محاصل سے 295 ارب روپے دیئے تھے مگر رواں سال کورونا وائرس کے باعث جمع ہونے والے ٹیکسز میں کمی کی وجہ سے وفاقی نے بلوچستان کو دیئے جانے والے محاصولات میں تیس ارب کی کمی کردی ہے، جسکی وجہ سے بلوچستان کو بجٹ بنانے میں مشکلات کا سامنا ہے اسی لئے محکمہ خزانہ نے بجٹ پیش کرنے کیلئے اب اتوار جون کے بجائے جمعہ جون کی سری حکومت بلوچستان کو بھجوائی ہے، محکمہ خزانہ کے ذرائع کے مطابق اگر صوبائی حکومت نے ترقیاتی بجٹ رواں مالی سال کی سطح پر سو ارب روپے رکھا تو صوبے کا مالی خسارہ ستر سے اسی ارب تک پہنچ جانے کا امکان ہے۔ بجٹ سے پہلے ہی ایکشن کمیٹی اخباری صنعت بلوچستان نے 17 جون بروز بدھ سے احتجاجی تحریک چلانے کا اعلان کردیا تھا۔ وفاقی کی جانب سے 25 فیصد کوٹہ کی کوتی' بلوچستان حکومت کی جانب سے 2017-18 کے بقایا جات کی عدم ادائیگی اور اشتہارات اور خصوصی ڈیپلے اشتہارات میں نظر انداز کیا جارہا ہے اخبار مارکیٹ کے مسائل بہت زیادہ ہیں اگر حکومت کی جانب سے سالانہ گرانٹ فراہم کی جائے تو اخبار فروشوں کے مسائل کسی حد تک حل ہوسکتے ہیں' غازی خان صدر انجمن اخبار فروشاں بلوچستان وفاقی حکومت کی جانب سے 25 فیصد کوٹہ کی کوتی صحافت پر براہ راست قدغن لگانے کے مترادف ہے' وفاقی حکومت کی جانب سے کوتی سے میڈیا انڈسٹری میں بحران جنم لے سکتا ہے، اخباری صنعت بلوچستان کا ہر شعبہ شدید متاثر ہورہا ہے لیکن حکومت کی جانب سے کوئی اقدام نہیں اٹھایا جارہا۔ ایکشن کمیٹی اخباری صنعت۔ کا۔ موقف ہے کہ بلوچستان کا وفاقی حکومت کی جانب سے 25 فیصد کوٹہ کی کوتی' بلوچستان حکومت کی جانب سے 2017-18 کے بقایا جات کی عدم ادائیگی اور صوبائی اشتہارات اور خصوصی ڈیپلے اشتہارات میں مقامی اخبارات کو نظر انداز کرنے اور اخبار مارکیٹ کی گرانٹ سمیت دیگر مسائل کے حوالے سے کل بروز بدھ 17 جون سے باقاعدہ احتجاجی تحریک شروع کرنے کا اعلان۔ 17 جون کو دن ایک بجے کوئٹہ پریس کلب کے سامنے مقامی اخبارات وجرائد سمیت صحافتی تنظیموں اور انجمن اخبار فروشاں بلوچستان کے زیر اہتمام حکومتی پالیسیز کو مدنظر رکھتے ہوئے احتجاجی مظاہرہ کیا جائے گا۔ اخباری صنعت بلوچستان کا ہر شعبہ شدید متاثر ہورہا ہے لیکن حکومت کی جانب سے کوئی اقدام نہیں اٹھایا جارہا۔ وفاقی حکومت کی جانب سے 25 فیصد کوٹہ کی کوتی صحافت پر براہ راست قدغن لگانے کے مترادف ہے' وفاقی حکومت کی جانب سے کوتی سے میڈیا انڈسٹری میں بحران جنم لے سکتا ہے' جبکہ صوبائی سطح پر بھی اخبارات وجرائد شدید مالی دباؤ کا شکار ہورہے ہیں' وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی واضح ہدایات کے باوجود 2017-18 کے بقایا جات ادا نہیں کئے جارہے جبکہ صوبائی حکومت کے اشتہارات وخصوصی ڈیپلے اشتہارات میں بھی صوبے کے مقامی اخبارات کو یکسر نظر انداز کیا جارہا ہے جسے کسی صورت برداشت نہیں کرسکتے۔ ایکشن کمیٹی اخباری صنعت بلوچستان کا اجلاس زیر صدارت چیئرمین عبدالغفار لاشکو منعقد ہوا۔ ریلوے ورکرز یونین کی جانب سے وفاقی بجٹ کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔۔ مظاہرین۔ کا۔ کہنا تھا۔ کہ تاریخ میں پہلی مرتبہ مزدور کش بجٹ پیش کیا گیا ہے، مہنگائی کی تناسب سے مزدوروں کی تنخواہوں میں اضافہ کیا جائے، مظاہرین کا مطالبہ تھا کہ وفاقی بجٹ کے خلاف ملک بھر میں مزدور سراپا احتجاج ہیں، وفاقی بجٹ آئی ایم ایف کے کہنے پر بنایا گیا ہے مظاہرین کا۔ کہنا۔ تھا کہ ملک کو آئی ایم ایف کے ہاتھ فروخت کردیا گیا ہے، مظاہرین نعرے لگا رہے تھے کہ۔ بجٹ میں ٹڈی دل کے لیے 10 ارب رکھے گیے ہے مگر مزدوروں کے لیے کچھ نہیں کیا گیا۔ ہمارے مطالبات تسلیم نہیں کیے گئے تو ریل کا پہیہ جام کرینگے، جب تک مزدوروں کی تنخواہوں میں اضافہ نہیں کیا جاتا اس وقت احتجاج کا سلسلہ جاری رہے گا۔ ایک خبر یہ بھی ہے کہ بلوچستان بھر سرکاری ملازمین نے احتجاج کا اعلان کرتے ہوئے دفاتر کی تالہ بندی۔ کا۔ بھی۔ اعلان کیا ہے۔ وفاقی کی جانب سے 30 ارب کوئٹہ کے بعد بلوچستان حکومت کو بجٹ تشکیل دینے میں مشکلات کا۔ شدید سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے صوبے کے فنڈز میں 30 ارب کوئٹہ کے بعد بلوچستان حکومت کو بجٹ تشکیل دینے میں مشکلات کا سامنا خسارہ 80 ارب تک پہنچنے کا امکان محکمہ خزانہ نے بجٹ اجلاس 18 کی بجائے 20 جون کو طلب کی سری صوبائی حکومت کو ارسال کردی، محکمہ خزانہ بلوچستان کے ذرائع کے مطابق وفاقی حکومت کی جانب سے تیس ارب روپے کم ملنے کی وجہ سے صوبے کا ترقیاتی بجٹ بری طرح متاثر ہوکر صرف ستر ارب ہونے امکان ہے وفاقی حکومت نے رواں مالی سال کیلئے قابل تقسیم محاصل سے 295 ارب روپے دیئے تھے مگر رواں سال کورونا وائرس کے باعث جمع ہونے والے ٹیکسز میں کمی کی وجہ سے وفاقی نے بلوچستان کو دیئے جانے والے محاصولات میں تیس ارب کی کمی کردی ہے، جسکی وجہ سے بلوچستان کو بجٹ بنانے میں مشکلات کا سامنا ہے اسی لئے محکمہ خزانہ نے بجٹ پیش کرنے کیلئے اب اتوار جون کے بجائے جمعہ جون کی سری حکومت بلوچستان کو بھجوائی ہے، محکمہ خزانہ کے ذرائع کے مطابق اگر صوبائی حکومت نے ترقیاتی بجٹ رواں مالی سال کی سطح پر سو ارب روپے رکھا تو صوبے کا مالی خسارہ ستر سے اسی ارب تک پہنچ جانے کا امکان ہے۔

شال — بقیہ 1

اشرف قریشی، ڈاکٹر ارباب غلام رحیم، عرفان مروت، عارف مصطفیٰ جتوئی، سردار عبدالرحیم، حسنین مرزا شامل تھے۔ وزیر اعظم نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ماضی میں اقتدار میں رہنے والی سیاسی قیادت نے عوامی خدمت نہیں کی۔ انہوں نے صرف اپنی ذاتی مفادات کی خاطر اقتدار کا استعمال کیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ پی ٹی آئی اور اتحادی جماعتوں کا مشترکہ ایجنڈا کرپشن کا خاتمہ، غربت میں کمی اور عوامی خدمت ہے۔ اس ضمن میں وفاقی حکومت تمام صوبوں بشمول سندھ کے ساتھ ہر ممکن تعاون کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتظامی اصلاحات اور نچلی سطح پر اختیارات کی منتقلی سے حقیقی ترقی ممکن ہو سکے گی۔ اتحادی جماعتوں کے ممبران نے صوبہ سندھ میں ترقیاتی کاموں اور انتظامی اصلاحات کے حوالے سے تجاویز وزیر اعظم کو پیش کیں۔ دریں اثناء وزیر اعظم عمران خان نے کہا ہے کہ عوامی خدمت تحریک انصاف حکومت کا اولین مشن ہے، ارکان اسمبلی عوامی مسائل کے حل میں اپنا کردار ادا کریں۔

شال — بقیہ 2

ایوارڈ پر نظر ثانی اتھارٹی ترمیم کو رول بیک کرنے کا حصہ ہے حکومت نے ٹڈی دل کو کنٹرول نہیں کیا تو اس کی تعداد اگلے سال کروڑوں میں ہوگی ٹڈی دل کو پھر آپ کے عرب دوست بھی نہیں بچا سکیں گے بلوچستان روزاول سے معاہدات کا مارا ہوا ہے نواب اکبر بگٹی کو کہا گیا کہ آپ اسلام آباد آئیں اس ضعیف شخص کو اسلام آباد لانے والوں کی جہاز میں فنی خرابی ہو جاتی ہے بعد میں نواب اکبر بگٹی کو شہید کر دیا جاتا ہے ان خیالات کا اظہار سردار اختر جان مینگل نے قومی اسمبلی بجٹ اجلاس سے بدھ کے روز اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ جب بھی بجٹ پیش ہوتا ہے تو اس کیلئے دو نقطے اور الفاظ ہمیشہ دوہرائے جاتے ہیں کہ عوام دوست بجٹ، عوام دشمن بجٹ، غریبی مٹاؤ بجٹ، غریبی بڑھاؤ بجٹ یہ ہمیشہ ہوتا آرہا ہے نہ جانے اس میں غریبوں کو کتنا فائدہ ہوا ہے اور کتنا نقصان ہوا ہے یہ کسی کو نہیں معلوم، بجٹ ممبران، وزراء، بیوروکریسی اور عسکریت دوست ہو سکتا ہے لیکن عوام دوست نہیں ہو سکتا نہ ہی اس کے امکانات ہیں، اس بجٹ سے فائدہ کس کو پہنچا ہے کیا غریب کو ملا ہے روزگار دی گئی ہے مہنگائی ختم کر دی گئی ہے۔

شال — بقیہ 3

متاثرہ علاقوں میں اب بھی کاروبار کھلا ہوا ہے کوئی نظری تعینات نہ ہو سکی عوام اور انتظامیہ کی طرف سے غیر سنجیدگی کا مظاہرہ اس سلسلے میں بتایا جاتا ہے کہ بلوچستان کے صنعتی شہر حب میں کرونا وائرس کی مقامی سطح پر پھیلاؤ میں تیزی آنے کے بعد ضلعی ناظم صحت لسبیلہ ڈاکٹر آصف انور شاہوانی نے 16 جون کو ڈپٹی کمشنر لسبیلہ کو جاری کئے گئے ایک مراسلہ میں تشویش ناک صورتحال سے آگاہ کرتے ہوئے حب شہر کے زیادہ متاثرہ 5 علاقوں لاسی روڈ ہندو محلہ، محمود آباد، موندرہ کالونی، زہری اسٹریٹ اور جام کالونی میں سمارٹ لاک ڈاؤن کرکے مذکورہ علاقوں کو سیل کر کے سرکاری نظری تعینات کرنے کی تجویز سے آگاہ کر دیا تاہم 24 گھنٹے بعد بدھ کے روز حب پولیس کے ایک DSP نے مذکورہ متاثرہ علاقوں میں سے بعض کا گشت کرتے ہوئے لاؤڈ اسپیکر پر مذکورہ علاقوں کے مکینوں کو آگاہ کیا کہ لوگ اپنے گھروں میں رہیں اور غیر ضروری طور پر گھروں سے باہر نہ نکلیں لیکن مذکورہ 5 علاقوں میں اکثر میں اب بھی کاروبار کھلا ہوا ہے اور لوگ معمول کے مطابق اپنی آمدورفت اور سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہیں اس حوالے سے مقامی انتظامیہ کی جانب سے متاثرہ علاقوں کو سیل کرنا تو درکنار لوگوں کو سرگرمیاں اور آمدورفت جاری رکھنے سے روکنے کیلئے کوئی سرکاری نظری بھی ابھی تک تعینات نہیں کی جا سکی ہے۔

شال — بقیہ 4

ہے۔ جاوید عباسی نے کہا کہ یہ بجٹ آئی ایم ایف کی تیار کردہ ہے، جنہوں نے بجٹ بنایا وہ تو غائب ہو گئے اور حماد اظہر نے بجٹ پیش کر دی۔ جاوید عباسی نے کہا کہ جب اسد عمر کو بتایا گیا تھا ہمیں اندازہ ہوا تھا کہ ایجنڈا کیا ہے۔ جاوید عباسی نے کہا کہ یہ بجٹ کسی صورت عوام کیلئے نہیں بنایا گیا ہے، یہ واحد بجٹ ہے جس میں ملازمین کی تنخواہیں نہیں بڑھائی گئی۔ جاوید عباسی نے کہا کہ ہم پر یہ الزام لگاتے تھے کہ ہم نے زیادہ بیرونی قرضے لئے۔ سینیٹر جاوید عباسی نے کہا کہ اس حکومت نے ان دو برسوں میں جتنا قرضہ لیا اس کی تاریخ میں مثال نہیں، یہ یومیہ اٹھارہ ارب روپے قرضہ لے رہا ہے۔ وفاقی وزیر حماد اظہر نے ارکان پارلیمنٹ کی تنخواہوں والا ترمیمی بل 2020 کی مخالفت کر دی۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم خود اپنے اخراجات میں کمی کر رہے ہیں، ارکان پارلیمنٹ کیلئے مختص فنڈ کسی کو اپنے اہل خانہ کیلئے استعمال کرنا غلط ہے، حکومت اس بل کی مخالفت کرتی ہے۔

شال — بقیہ 5

پرنٹل ہسپتالوں کے 19 کیسز ہے۔ واضح رہے کہ بلوچستان عوامی انڈومنٹ کے تحت سات موذی امراض سمیت خصوصی افراد کے علاج کیلئے اب تک کیسز تعداد میں عام لوگوں کا علاج کا بندوبست کیا جا چکا ہے جواب نارمل زندگی کی طرف لوٹ گئے ہیں۔ اجلاس کے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر سماجی بہبود میر اسد اللہ بلوچ نے کہا کہ مریضوں کی مکمل علاج کیلئے ہمیں اُن ہسپتالوں کو ترجیح دینی چاہیے جو ہسپتال زیادہ علاج حوالے سے سستے ہوتا تاکہ خطیر رقم کو بچا کر ان دوسرے مریضوں کی علاج کر سکیں۔ بلوچستان عوامی انڈومنٹ فنڈ کے پاس مختص کی گئی رقم اور وسائل سے مریضوں کے زیادہ کیسز آرہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان عوامی انڈومنٹ کے ذریعے غریب اور نادار مریضوں کو پیچیدہ بیماریوں کے جدید علاج کیلئے بغیر کسی تفریق اور بلا رنگ و نسل مکمل مالی معاونت کا سلسلہ جاری ہے جن مریضوں کے علاج کے دوران رقم ختم ہوتے ہیں ان کو مکمل علاج کرنے کیلئے مزید رقم فوری طور پر مہیا کرنے کی اجازت دی گئی۔

شال — بقیہ 6

معاہدہ ہوا میں اس میں گواہ ضرور بنا لیکن یہ معاہدہ جہانگیر ترین نے اسلام آباد سے آکر عجلت میں کیا اس میں کوئی تفصیلی گفتگو نہیں ہوئی تھی جبکہ میں آج تک نہ کسی اجلاس میں بیٹھا نہ ہی کسی مذاکرات کا حصہ بنا یہ جہانگیر ترین کی ذمہ داری تھی کہ وہ مسائل حل کرنے کے لئے اقدامات کرتے، انہوں نے کہا کہ چھ نکات میں شامل مسائل انتہائی سنجیدہ اور پیچیدہ نوعیت کے ہیں اگر یہ مسائل اتنے ہی آسان ہوتے تو 72 سال میں حل کیوں نہیں ہوئے انہوں نے کہا کہ اگر ماضی میں بلوچستان پر توجہ دی جاتی تو آج یہ مسائل نہ ہوتے اور نوبت یہاں تک نہ آتی انہوں نے کہا کہ ایک سال میں بی این پی کے مطالبات پر کام ہونا چاہیے تھا، اب بھی وقت ہے ان مسائل کو حل کرنے کی شروعات کی جا سکتی ہے، سردار یار محمد رند نے کہا کہ حکومت کوئی اس وقت کوئی خطرہ نہیں ہے ہم بجٹ بھی منظور کروالیں گے اگر کسی کو ابہام ہے کہ کوئی بی ٹی آئی کے ووٹ توڑ سکتا ہے تو یہ غلط ہے بی ٹی آئی کے تمام ارکان

وزیر اعظم عمران خان کے ساتھ ہیں انہوں نے کہا کہ کسی بھی سیاسی تبدیلی کے لئے اٹھنے کے لئے ابھی بہت وقت درکار ہے اگر عمران خان نہ ہوتے تو آج ملکی حالات ابتر ہوتے جن جماعتوں نے 3، 4 بار حکومت کی انہوں نے کیا کیا، انہوں نے کہا کہ بی این پی اور جمعیت علماء اسلام بلوچستان میں اپوزیشن میں ہیں بی این پی کے وفاق میں علیحدہ ہونے سے جام کمال خان کی حکومت کو کوئی خطرہ نہیں ہے۔

شال — بقیہ 7

کی حکومت نے جو وعدے اور وعدے کئے ان کی تکمیل میں ناکام ہوگئی ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان نیشنل پارٹی کا حکومت سے علیحدگی کا فیصلہ خوش آئند ہے سردار اختر جان مینگل نے عوامی مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے بہترین فیصلہ کیا ہے عوام کے بعد بلوچستان نیشنل پارٹی کے فیصلے نے ثابت کر دیا کہ عمران خان اور اس کی حکومت نااہل ہے بلوچستان کے مسائل پر جمعیت علماء اسلام بلوچستان نے 20 جون کو اسلام آباد میں آل پارٹیز کانفرنس بلائی ہے اور اس میں بلوچستان نیشنل پارٹی کی قیادت کو بھی شرکت کی دعوت دی ہے اے پی سی کا مقصد بلوچستان کے مسائل کو اسلام آباد کے لوگوں کے سامنے اجاگر کرنا ہے بی ٹی آئی حکومت نے بلوچستان کی محرومیاں ختم کرنے کی بجائے صوبے کو مزید محرومیوں کی طرف دھکیل دیا ہے آل پارٹیز کانفرنس میں بلوچستان نیشنل پارٹی اور اپوزیشن جماعتیں مل کر آئندہ کی حکمت عملی طے کریں گے۔

شال — بقیہ 8

رات کوشاں ہوں ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز انکی قیادت میں بی اے پی کے صوبائی وزراء حاجی مشتاق خان کاکڑ، سردار مسعود خان لونی، حاجی طور اللہ خیل نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر جام کمال خان سے ملاقات کے بعد اپنے جاری کردہ بیان میں کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان ملاقات کے دوران پشتون اضلاع کو درپیش مسائل و مشکلات اور آنے والے بجٹ میں پشتون اضلاع کے زیادہ سے زیادہ اہم اور عوام کے اجتماعی مفادات کے ترقیاتی منصوبے شامل کرنے کے حوالے سے تفصیلی ملاقات ہوئی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے یقین دلایا کہ بلوچستان کے تمام اضلاع اور ہر علاقے کو بجٹ میں برابر کا حصہ ملے گا کسی بھی علاقے ضلع اور علاقے کو نظر انداز نہیں کریں گے صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ بلوچستان کو ماضی کے نام نہاد قوم پرستوں اور مذہبی جماعتوں نے قومی وسائل کو عوام کے مسائل کے حل کے بجائے اپنے ذاتی مفادات کے استعمال کی وجہ سے صوبے کے پسماندگی کے ذمہ دار یہی قوم پرست اور مذہبی جماعتیں ہے۔

شال — بقیہ 9

مطابق مسافروں کو بسیں اور غیر ضروری رش، سماجی فاصلے۔ گاڑیوں میں اسپرے۔ ماسک اور گلوز جیسے ہدایات پر مکمل عمل درآمد کریں۔ حکومت کی جانب سے ہدایات کی خلاف ورزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ اس سلسلے میں خلاف ورزی کی صورت میں سخت اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کرونا کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے ہم سب کو اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔ ہماری لاپرائی اور کوتاہی سے وائرس مزید پھیل سکتی ہے اور اگر ایس او پیز کی خلاف ورزی جاری رہی تو حکومت کو سخت فیصلے اٹھانے پڑ سکتی ہیں۔ لہذا ٹرانسپورٹرز حکومتی احکامات کی پاسداری کو یقینی بنائیں تاکہ ٹرانسپورٹ کا شعبہ چل سکے اور ایس او پیز پر عمل نہ کرنے والے والوں کے خلاف کارروائی کا سلسلہ جاری رہیگا۔

شال — بقیہ 10

ان کا کہنا تھا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے احساس پروگرام سے مستفید ہونے والوں کی تعداد میں اضافہ ہوگیا ہے مستحق افراد کی تعداد ایک کروڑ 20 لاکھ سے بڑھا کر ایک کروڑ 61 لاکھ 63 ہزار کر دی گئی جس میں احساس ایمرجنسی کیش میں بلوچستان کا حصہ 4 اعشاریہ 90 فی صد ہے اس کے علاوہ خیبر پختونخوا کا حصہ 17 اعشاریہ 91 فی صد، سندھ کا حصہ 31 فیصد اور پنجاب کا حصہ 43 اعشاریہ 27 فی صد ہے، انہوں نے کہا کہ سندھ کی ایک بڑی تعداد احساس پروگرام سے مستفید ہوگی۔

شال — بقیہ 11

کیا گیا، اجلاس میں کیسکو، سوئی سدرن گیس کمپنی، واسا اور پی ٹی سی ایل کے صوبائی سربراہان نے شرکت کی۔ اجلاس میں کوئٹہ کے کورونا سے زیادہ متاثرہ علاقوں میں مکمل لاک ڈاؤن کا فیصلہ کیا گیا جس کیلئے محکمہ صحت سے شہر میں کورونا سے زیادہ متاثرہ علاقوں کا ڈیٹا اور تفصیلات طلب کر لی گئیں شہر کے کورونا سے زیادہ متاثرہ علاقوں میں مکمل لاک ڈاؤن کا اطلاق آئندہ دو روز میں کیا جائیگا محکمہ داخلہ نے اس ضمن میں کیسکو، سوئی گیس کمپنی، واسا اور پی ٹی سی ایل کو متعلقہ علاقوں میں مطلوبہ سہولیات کی دو ہفتے تک مکمل فراہمی کیلئے اقدامات کرنے کی بھی ہدایت کی گئی ہے کورونا وائرس آپریشن کی جانب سے کوئٹہ میں ابتدائی طور پر کورونا سے زیادہ متاثرہ 20 یونین کونسلوں کی نشاندہی کی گئی ہے۔

شال — بقیہ 12

میں اطمینان کا اظہار کیا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کے مطابق افغان مفاہمتی عمل میں مسلسل مثبت پیشرفت پر اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کے مطابق مغربی سرحدوں پر بہتر ہوتی صورتحال کا جائزہ لیا گیا، بھارتی جارحیت اور اشتعال انگیزیوں پر بھی تفصیلی بات چیت کی گئی۔ شرکاء نے کہا کہ بھارت کے مذموم مقاصد کو ناکام بناتے رہیں گے، مقبوضہ کشمیر میں بیگناہ شہریوں پر بھارتی ظلم و ستم کو بے نقاب کرتے رہیں گے، بھارت کی دہشت گرد تنظیموں کی مکمل کھلا حمایت بے نقاب کرتے رہیں گے۔

شال — بقیہ 13

ضلعی کی، سرمایہ کاروں اور کاروباری طبقے کو مارکیٹ تک رسائی میں آسانی ہوگی، انہوں نے کہا کہ بجٹ میں گوادر کو فری زون قرار دینے سے متعلق فنانس ایکٹ 2020 میں کئی سفارشات پیش کی گئی ہیں جس سے گوادر دنیا کے تجارتی نقشے پر ایک اہم اضافے کے طور پر سامنے آئیگا، انہوں نے کہا کہ بجٹ میں صنعتی شعبے کو خصوصی مراعات دی گئی ہیں ڈیوٹیز کی مد میں سرمایہ کاروں اور صنعتکاروں کو کافی حد تک ریلیف دیا گیا ہے جبکہ کورونا وائرس کی صورتحال سے نمٹنے کیلئے بھی کئی منصوبے رکھے گئے ہیں، تعمیراتی شعبے میں 30 ارب روپے کی سبسڈی دینے سے سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہوگا اور تعمیراتی شعبے میں انقلابی تبدیلیاں آئیں گی، انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ جام کمال کی قیادت میں حکومت بلوچستان صوبے میں معاشی و تجارتی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے پرعزم ہے، بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ وزیر اعلیٰ کے وژن کو آگے بڑھانے کیلئے دن رات کوشاں ہے۔

شال — بقیہ 14

اسٹریٹ، اکرم کالونی، محمود آباد روڈ کو سمارٹ لاک ڈاؤن کے تحت سیل کر دیا ہے اسسٹنٹ کمشنر حب روحانہ گل کاکڑ اور ایس ڈی پی او حب کی زیر نگرانی

قانون نافذ کرنے والے اداروں نے مزکورہ ایریا ز کے کاروباری مراکز بھی سیل کر دیے ہیں واضح رہے کہ مزکورہ ایریاز کے رہائشی افراد میں کورونا کیسز کی تصدیق کے بعد ضلع بھر میں ڈپٹی کمشنر کی ہدایت پر ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کی ٹیمیں متحرک ہوگ ہیں اسسٹنٹ کمشنر حب نے گزشتہ روز متعدد ہوٹلیں اور بدھ کے روز کاروار جاری رکھتے ہوئے مزید ایک ریسٹورنٹ اور کیوٹیکشن سینٹر کو سیل کر دیا ہیلتھ انتظامیہ نے لسبیلہ میں کورونا کے نئے کیسز رپورٹ ہونے پر اندرون بلوچستان کے ماشکف اضلاع اور صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سے لسبیلہ ٹریول کرنے والے مسافر کو چز کی جانب سے ایس او پیز کی خلاف ورزی پر ایکشن لیتے ہوتے ہوئے قومی شاہراہ آر سی ڈی ہائیوے وایارو کے داخلی مقام پر سخت چیکنگ اور ایس او پیز پر عمل نہ کرنے والے ٹرانسپورٹرز کو وارننگ دی گ، کہ وہ انسانی جانوں کی سلامتی کیلئے ایس او پیز پر عملدرآمد کریں۔

شال — بقیہ 15

میں کمی سے ایکسپورٹ میں اضافہ ہوگا۔ اسپیکر نے کہا کہ آم کی ایکسپورٹ بڑھنے سے زرمبادلہ میں اضافہ ہوگا۔ وفاقی وزیر فوڈ سیکورٹی نے کہا کہ ایران کا بارڈر کھولنے کا فیصلہ ہوا ہے، بارڈر کھولنے سے زمینی راستے سے آم ایران ایکسپورٹ کیا جا سکے گا۔ اسپیکر نے کہا کہ اگلے 24 گھنٹوں میں وزارت کامرس اور دیگر ادارے تمام مشکلات دور کر دیں۔ اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے وزارت کامرس اور وزارت داخلہ کو ہدایت کی۔

شال — بقیہ 16

شرح 56.9 فیصد بتائی گئی ہے، پاکستان میں تعلیم یافتہ بے روزگار افراد خصوصاً ڈگری رکھنے والے بے روزگار افراد کے رجحان میں اضافہ دیکھا جا رہا ہے، ڈگری رکھنے والوں میں بے روزگاری کی شرح دیگر مجموعی طور پر بے روزگار افراد کے مقابلے میں تقریباً 3 گنا زیادہ ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ فراہم کی جانے والی تعلیم اور نئے تعلیم یافتہ افراد کو جزب کرنے کی معیشت کی ضرورت کے درمیان مطابقت نہیں ہے، اسی طرح لیبر فورس سروے 18-2017 کے مطابق بے روزگاری میں مردوں کے مقابلے خواتین میں کی شرح زیادہ ہے جو بالترتیب 27.8 فیصد اور 07.5 فیصد ہے، اوسطاً بیروزگاری کی شرح کے مقابلے میں نوجوانوں کی بے روزگاری کی شرح کافی زیادہ ہے، بیروزگاری کی سب سے زیادہ شرح 56.11 فیصد، 20-24 سال کی عمر والے افراد میں پائی جاتی ہے۔

شال — بقیہ 17

اعوان، خان محمد جمالی کو یہ تک معلوم نہیں تھا کہ ہمارے ساتھ بات چیت کن نکات پر کی جاری ہے ہماری علیحدگی کے صوبائی حکومت پر بھی اثرات مرتب ہونگے۔ یہ بات انہوں نے بی بی سی سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ 2 سال قبل ہم سے اتحاد کی بات کی گئی جس پر ہم نے 6 نکات پیش کئے جس پر پی ٹی آئی قیادت کی جانب سے کہا گیا کہ مطالبات تو ہم نے بھی کنٹیئر پر کئے ہیں ہمیں ان نکات پر من وعن عملدرآمد کرنے کی یقین دہانی کروائی گئی جس کے بعد ہم نے وزیر اعظم کو ووٹ دیا جبکہ صدارتی انتخابات میں ہم نے صوبے کے ترقیاتی امور کے حوالے سے نکات پیش کئے جس کے بعد سے اب تک 24 سے 25 ملاقاتوں کے دور ہوئے لیکن ہمارے مطالبات آج تک جوں کے توں ہیں انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم عمران خان کی سسٹم پر گرفت ضعیف ہے وہ سسٹم کنٹرول نہیں کر پا رہے ہیں۔

شال — بقیہ 18

کر چکی ہیں، بی ٹی آئی کے اپنے ارکان عمران صاحب کی حکومت پر عدم اعتماد کر چکے ہیں، پاکستان کے فریب عوام عمران صاحب کی حکومت پر عدم اعتماد کر چکے ہیں، صوبہ نہ بنانے پر جنوبی پنجاب کے عوام عمران صاحب کی حکومت پر عدم اعتماد کر چکے ہیں، دیہاڑی دار، مزدور، کسان، تاجر، صنعتکار عمران صاحب کی حکومت پر عدم اعتماد کر چکے ہیں، ڈاکٹرز، نرسز، طبی عملہ اور سرکاری ملازمین عمران صاحب کی حکومت پر عدم اعتماد کر چکے ہیں، چینی، آٹا، بجلی، گیس کے بلوں میں ڈاکہ مارنے والوں پر عوام عدم اعتماد کر چکی ہے۔

شال — بقیہ 19

دیگر صوبوں کی نسبت بہت کم استعمال ہوتا ہے اس لیے صوبے کو بجلی کی لوڈشیڈنگ سے استثنیٰ دیا جائے۔ ٹڈی دل کی تباہی روکنے کیلئے حکومت کو فوری عملی اقدامات اُٹھانے چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ عوام الناس کرونا وائرس سے بچنے کیلئے احتیاطی تدابیر اختیار کریں اللہ سے رجوع میں ہی نجات ہے صفائی، سماجی فاصلے اور احتیاط کام لیکر ہم اپنی اور اپنے گھر والوں کی جان اس وائرس سے بچا سکتے ہیں جس نے بھی اللہ سے رجوع، احتیاط اور صفائی سمیت احتیاطی تدابیر اختیار کیا وہ اس وائرس سے بچ سکتا ہے۔ بلوچستان کے اکثر عوام کا دارومدار اس زراعت پر تھا اب ٹڈی دل اور اس کیساتھ بجلی کی لوڈشیڈنگ نے زراعت کو تباہ کر کے رکھ دیا ہے زمیندار کسان سمیت ہر طبقہ نان شبینہ کے محتاج ہو گئے ہیں۔ اکثر منتخب نمائندوں وسیاسی پارٹیوں نے عوام سے بجلی لوڈشیڈنگ و بے روزگاری سے نجات کے وعدے پر ووٹ لیے تھے۔

شال — بقیہ 20

سے اپنا حق مانگ رہے ہیں اسے بھیک تصور نہ کیا جائے بلوچستان عوامی پارٹی صوبہ کے عوام کی ترجمانی کر رہی ہے اور اپنے اصولی موقف سے ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سینٹ میں اجلاس کے موقع پر کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں طویل خشک سالی کے باعث لوگ نقل مکانی پر مجبور ہوئے صورتحال یہ ہے کہ انسان اور حیوان ایک ہی جگہ سے پانی پی رہے ہیں مگر بدقسمتی سے اب تک وفاق نے بلوچستان سے کئے گئے وعدے پورے نہیں کئے انہوں نے کہا کہ ماضی میں موجودہ حکومت ہی اس بات پر احتجاج کرتی دہائی دی کہ ملازمین کی تنخواہیں اور پنشنرز کو حکومتیں نظر انداز کر رہی ہیں مگر موجودہ حکومت بھی انہی کی روش کو زندہ رکھے ہوئے ہے اور مالی سال 2020-21ء کے بجٹ میں تنخواہوں اور پنشن میں اضافہ نہیں کیا گیا۔

شال — بقیہ 21

اسمارٹ لاک ڈاؤن کریں گے، اب کورونا ملک بھر میں پھیل چکا ہے۔ ملک میں سلیکٹڈ لاک ڈاؤن کا سلسلہ جاری ہے، پتا نہیں کہاں سے یہ عجیب ٹرم لے کر آرہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کرونا کی بجائے بجائے اپوزیشن سے لڑ رہی ہے، وزیر اعظم کا کام صرف اپوزیشن کو برا بھلا کہنا ہے، حکومتی وزرا گالیاں دیتے رہتے ہیں، جو لاہور والوں کو جاہل کہے وہ خود جاہل ہے، کسی بھی عوامی نمائندے کو شہریوں کے بارے میں غلط الفاظ استعمال نہیں کرنے چاہیے۔

شال — بقیہ 22

صورتحال نے عوام کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 18 ویں ترمیم آئین کا وہ حصہ ہے جس نے فیڈریشن کو مضبوط اور صوبوں کو بااختیار کیا پی ٹی

آئی حکومت 18 ویں ترمیم پر ضرب لگانا چاہتی ہے جو کہ ہم کسی صورت نہیں ہونے دیں گے این ایف سی ایوارڈ میں بلوچستان کا حصہ کم کر کے پی ٹی آئی کے آئین شکنی کی ہے جسکی ہم بھرپور مذمت کرتے ہیں، انہوں نے کہا کہ ملکی موجودہ صورتحال انتہائی گھمبیر ہے آج حکومت کے اپنے اتحادی بھی اسے چھوڑ رہے ہیں کیونکہ انہیں بھی معلوم ہوگیا ہے کہ سلیکٹڈ حکومت ملک چلانے کے قابل نہیں ہے لہذا اب وقت آگیا ہے تمام سیاسی قوتیں اکٹھی ہو کر اس حکومت کو گھر بھیجیں اور ملک میں نئے صاف و شفاف انتخابات کروائے جائیں انہوں نے کہا کہ ملک آج بدترین بحرانوں کا شکار ہے آئے دن چوروں کے خلاف کارروائی کی بجائی انہیں ملک سے فرار کروا دیا گیا سلیکٹڈ حکومت نہ تو عوام کی خدمت گار ہے نہ ہی اس میں ملک چلانے کی قابلیت ہے 2020-21 کا وفاقی بجٹ اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ ایسے لوگوں کے ہاتھ میں ملک کی بھاگ ڈور دے دی گئی ہے۔

شال — بقیہ 23

ہوئی ہے۔ لاہور آٹا ڈیلرز ایسوسی ایشن کے صدر حاجی محمد یوسف نے آٹے کے نرخوں میں اضافے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ اوپن مارکیٹ میں ایک من گندم کی قیمت میں 100 سے 150 روپے تک اضافہ ہوگیا ہے اور اس کی قیمت 1850 سے بڑھ کر 1950 اور 2000 روپے تک پہنچ گئی ہے جس کے باعث ظورطوں نے آٹے کی قیمت میں اضافہ کیا۔

شال — بقیہ 24

سفارشات پیش کی گئی ہیں جس سے گوادر دنیا کے تجارتی نقشے پر ایک اہم اضافے کے طور پر سامنے آئیگا، انہوں نے کہا کہ بجٹ میں صنعتی شعبے کو خصوصی مراعات دی گئی ہیں ڈیوٹیز کی مد میں سرمایہ کاروں اور صنعتکاروں کو کافی حد تک ریلیف دیا گیا ہے جبکہ کورونا وائرس کی صورتحال سے نمٹنے کیلئے بھی کئی منصوبے رکھے گئے ہیں، تعمیراتی شعبے میں 30 ارب روپے کی سبسڈی دینے سے سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہوگا اور تعمیراتی شعبے میں انقلابی تبدیلیاں آئیں گی، انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ جام کمال کی قیادت میں حکومت بلوچستان صوبے میں معاشی و تجارتی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے پرعزم ہے، بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ وزیر اعلیٰ کے وژن کو آگے بڑھانے کیلئے دن رات کوشاں ہے، کورونا وائرس کے باعث کاروباری شعبے میں جو خلاء پیدا ہوا اس کو پر کرنے کیلئے بھرپور اقدامات کئے جا رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری کے بے پناہ مواقع موجود ہیں سرمایہ کاروں کو ہر شعبے میں سہولیات اور مراعات فراہم کی جاری ہیں۔

شال — بقیہ 25

جات کی سہولیات کو مکمل طور پر فعال کیا جائے ضلع کوئٹہ میں پچاس سے زائد مراکز کو فعال کیا گیا ہے اسکے علاوہ بارہ موبائل ٹیمیں بھی مختلف علاقوں میں عوام کو یہ سہولیات فراہم کر رہی ہے عوام سے اپیل کی جاتی ہے کہ وہ محکمہ صحت کی ہدایت پر عمل کرتے ہوئے اپنے بچوں کو حفاظتی ٹیکے لگوائیں تاکہ وہ مختلف بیماریوں سے محفوظ رہ سکیں۔

شال — بقیہ 26

اعلان کرے پرائیویٹ اسکولز ایس او پیز پر ہر صورت عملدرآمد کو یقینی بنائیں گے۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو آل بلوچستان پروگریسیو پرائیویٹ اسکولز ایسوسی ایشن کے عہدیداروں کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ محمد نواز چندرانی نے کہا کہ حکومت سے زیادہ آل بلوچستان پروگریسیو پرائیویٹ اسکولز کو حکومت سے کہیں زیادہ بچے عزیز ہیں کیونکہ یہ بچے ہی اس ملک کا مستقبل ہیں اگر حکومت کو یہ بچے عزیز ہوتے تو وہ انتظامیہ کو پابند کرتی کہ وہ بازاروں، چوکوں، گلیوں اور پارکس میں ایس او پیز پر عملدرآمد کرواتے اور ایس او پیز پر عمل کرتے ہوئے امتحان لیتے تاکہ قابل طلبہ کی حق تلفی نہ ہوتی۔ انہوں نے کہا کہ اگر موجودہ حکمرانوں کو پاکستان کے مستقبل کی جانوں کا خیال ہوتا تو وہ کورونا سینٹرز اور ہسپتالوں بہتر انتظامات کرتے موجودہ حکومت کا یہ حال ہے کہ اسکا صوبائی وزیر صحت تک نہیں ہے۔

شال — بقیہ 27

ایشن نے کی یہ بات اسسٹنٹ کمشنر حب روحانہ گل کاکڑ نے آفس میں ملاقات کیلئے آئے ہوئے انجمن زمینداران کے وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہی ،،زمینداران نے ایریگیشن ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے وارابندی اور کینال کی عدم صفاء اور مائنر تھری سے ملحقہ اراضی پر غیر قانونی ہائیڈریٹ کی تعمیر پر زمینداروں کے خدشات و تحفظات سے آگاہ کیا اسسٹنٹ کمشنر حب نے زمینداران کے وفد کو یقین دہانی کرائی کہ لسبیلہ کینال سے صنعتی اور شہری علاقوں کیساتھ زمینداروں کی ضروریات کے مطابق پانی کی سپلاء یقینی بنانے کیلئے ایریگیشن محکمے کی مشاورت سے میکانزم بنایا جائیگا۔

شال — بقیہ 28

ڈیم میں مبینہ ناقص میٹریل کے استعمال کا انکشاف علاقہ مکینوں کا وزیر اعلیٰ بلوچستان سے تحقیقات کا مطالبہ، علاقائی زراعت کے مطابق لسبیلہ کے پہاڑی علاقے کنراج میں وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کے فنڈز سے تعمیر ہونے والے کنراج لوہی ڈیلے ایکشن ڈیم کی تعمیر میں مبینہ طور پر انتہائی ناقص میٹریل کے استعمال کا انکشاف ہوا ہے زرائع نے بتایا ہے کنراج لوہی ڈیم کے بند کی تعمیر میں معیاری کریٹن کے بجائے ندی کا ہی غیر معیاری بجری اور مٹی ملا کر کام کیا گیا ہے۔

شال — بقیہ 29

پنجاز ڈی۔ ریسکیو زرائع کے مطابق بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب صنعتی شہر حب کے علاقے ساکران روڈ پر حمام کی دکان پر فائرنگ سے عبدالوہاب ولد نظر محمد اور نظر محمد ولد غلام حیدر زخمی ہوگئے جنکو فوری طور جام غلام قادر ہسپتال حب منتقل کر دیا گیا دوسری جانب واقع کی اطلاع ملتے ہیں ایس ایچ او حب سٹی عطا اللہ نمائی نے پولیس ٹیم کے ہمراہ موقع پر پہنچ مزید تحقیقات شروع کر دیں۔

شال — بقیہ 30

بیان میں کہا کہ پاکستان میں انصاف کی فقدان کی وجہ سے عوام میں عدم برداشت روز بروز بڑھ رہا ہے جس کی وجہ سے قبائلی اور معاشرے میں جھگڑے اور فساد پھیل رہا ہے وزیر اعظم عمران خان نے دھرنے میں فوج سمیت تمام سیاسی جماعتوں کو جن القابات سے پکارا اور ہمیشہ پارلیمان سے بائیکاٹ اور غیر حاضر رہا خاص طور پر خلائی مخلوق کے متعلق جو کہا تھا وہی باتیں صحیح تھیں یا ابھی جو کچھ کر رہا ہے یہ صحیح ہے دھرنے کے دوران کہا کہ جب امپائر کی انگلی اٹھے گی تب مسائل حل ہوں گے عمران خان نے فوج کے خلاف تقریریں کر کے یہاں تک پہنچا اور اب روزگار تعلیم یافتہ نوجوانوں اور اداروں میں افسران کی سین

بی ایس ڈی پی میں تمام اضلاع کو یکساں فنڈز کی فراہمی بنیادی حق ہے، زابد ریکی

وزیراعلیٰ کی جانب سے اپوزیشن کو دیوار سے لگایا جارہا ہے اور اپوزیشن کو مسلسل نظرانداز کی جارہی ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان اور اپوزیشن کے درمیان مذکرات ناکام آج اپوزیشن ارکان اسمبلی وزیراعلیٰ ہاؤس کے سامنے احتجاج کریںگے، رکن صوبائی اسمبلی

نصیر آباد ڈپٹی کمشنر حافظ محمد قاسم کاکڑ بم دھماکے میں شہید ہونیوالے ورثاء کو معاوضے کا چیک دے رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے رکن صوبائی اسمبلی خادم واشک حاجی میرزاہد علی ریکی نے کہا کہ صوبائی حکومت کے سربراہ وزیراعلیٰ بلوچستان اور اپوزیشن اراکین صوبائی اسمبلی کے درمیان گزشتہ روز سی ایم ہاؤس کے سامنے احتجاج کرنے کے نتیجے میں ہونے والے مذاکرات ناکام ہوگئی ہے جسکے باعث اپوزیشن اراکین صوبائی اسمبلی کل اٹھارہ جون کو وزیراعلیٰ ہاؤس کے سامنے احتجاج کریںگی حاجی میرزاہد علی ریکی نے کہا کہ وزیراعلیٰ کی جانب سے اپوزیشن کو دیوار سے لگایا جارہا ہے اور اپوزیشن کو مسلسل نظرانداز کی جارہی بلوچستان کے مختلف اضلاع میں الیکشن میں شکست خوردہ اور غیر منتخب افراد کو فنڈز فراہم کرکے ضلعوں کے انتظامی امور میں مداخلت کا نہ رکنے والا سلسلہ عروج پر ہے جبکہ اپوزیشن کے جائز کاموں میں بھی روڑے اٹکائے جارہے ہیں بلا جواز انتظام کا نشانہ بقیہ نمبر35 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے ضلع کوہلو میں ٹڈی دل نے مختلف علاقوں میں تباہی مچادی

کوہلو (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کوہلو میں ٹڈی دل نے مختلف علاقوں میں تباہی مچادی سبزیاں، فروٹ دیگر فصلوں کو مکمل تباہ کردیا زمینداروں کے کروڑوں کا نقصان قحط کا شدید خطرہ پیدا ہوگیا ہے محکمہ زراعت اور ضلعی بقیہ نمبر47 صفحہ 3 پر

اگر کسی مسلمان بھائی کو نفع نہیں پہنچاسکتے تو نقصان بھی نہیں پہنچانا چاہئے، مولانا شاہد عطاری مدنی

ہمیں اپنے مسلمان بھائیوں کا خیر خواہ ہونا چاہئے جب بھی ان کا ذکر ہو تو اچھائی کے ساتھ ہونا چاہئے

اللہ پاک کے پیارے حبیب ﷺ نے ہمیں اپنے مسلمان بھائیوں کے ساتھ بھلائی اور خیر خواہی کا حکم فرمایا ہے

کوئٹہ (آن لائن) دعوت اسلامی کی مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن مولانا شاہد عطاری مدنی نے کہا ہے کہ ہمیں اپنے مسلمان بھائیوں کا خیر خواہ ہونا چاہئے جب بھی ان کا ذکر ہو تو اچھائی کے ساتھ ہونا چاہئے، جب کسی کا تذکرہ کریں تو بھلائی کے ساتھ کرنا چاہئے اللہ پاک کے پیارے حبیب ﷺ نے ہمیں اپنے مسلمان بھائیوں کے ساتھ بھلائی اور خیر خواہی کا حکم فرمایا ہے، اگر ہم ان باتوں پر عمل کریں تو ہماری دنیا بھی اچھی ہوجائے اور آخرت بھی اچھی ہوجائے۔ جو شخص اپنے مسلمان بھائی کا بقیہ نمبر48 صفحہ 3 پر

محکمہ کھیل میں خالی آسامیوں پر تعیناتی میرٹ اور قابلیت کی بنا پر ہوگی، عبدالخالق ہزارہ

معاشرے میں صحت مندانہ سرگرمیوں کے فروغ کیلئے کھیلوں کے شعبے کو اولیت دی جارہی ہے

صوبائی حکومت صوبے بھر کے ضلعی ہیڈکوارٹر میں کھیلوں کے فروغ کیلئے اسٹیڈیم و سپورٹس کمپلیکس تعمیر کرنے کیلئے فنڈز مختص کررہی ہے، صوبائی مشیر برائے کھیل

کوئٹہ (غ ن) صوبائی مشیر برائے کھیل یوتھ آفیسر زعبدالخالق ہزارہ نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت صوبے بھر کے ضلعی ہیڈکوارٹر میں کھیلوں کے فروغ کیلئے اسٹیڈیم و سپورٹس کمپلیکس تعمیر کرنے کیلئے فنڈز مختص کررہی ہے جبکہ اس ضمن میں جاری منصوبوں کو بروقت مکمل کیا جائے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کے روز یہاں ایک بریفنگ کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے کیا جس میں سیکرٹری کھیل عمران بگٹی ڈائریکٹر جنرل کھیل بقیہ نمبر37 صفحہ 3 پر

کوئٹہ ایکشن کمیٹی اخباری صنعت بلوچستان کے زیر اہتمام اپنے مطالبات کے حق میں احتجاجی مظاہرہ کیا جارہا ہے

ایس ایچ او صدر کا ملزمان کے خلاف جنگ جاری مزید 5 ملزم گرفتار

قانون سے بالاتر کوئی نہیں ہیں ایس ایچ او صدر گل حسن بروہی

خضدار (نامہ نگار) قائمقام ایس ایس پی • کل احمد • کی مفروران کے خلاف خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او صدر • گل حسن بروہی • ایس آئی عبدالحق۔ اے ایس آئی نور احمد۔ ایگل اسکواڈ انچارج اے ایس آئی عبدالصمد۔ اے ایس آئی جمال شیخ۔ اے ایس آئی محمد رفیق۔ فضل زہری و دیگر اہلکاروں نے مختلف مقامات پے چھاپہ مار کارروائی کرکے 5 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ 1 میر حسن 2 علم خان 3 محمد عمر پسران دوست محمد اقوام زہری 4 احمد خان کو گرفتار کرکے مقدمہ نمبر 29/020 بجرم الصدر درج کرکے کارروائی شروع کردی جبکہ ایک اور کارروائی میں ملزم تاج محمد کو گرفتار کرکے اسکے خلاف مقدمہ نمبر 28/020 بجرم بقیہ نمبر58 صفحہ 3 پر

کورونا کے وائرس کے خلاف اسپرے کا عمل تیزی سے جاری ہے، ڈپٹی کمشنر جعفرآباد

کورونا وائرس سے زیادہ سے زیادہ احتیاطی تدابیر اختیار کی جائیں، عبدالرزاق تجک

نصیر آباد (غ ن) ڈپٹی کمشنر جعفرآباد عبدالرزاق تجک کی خصوصی ہدایت پر چیف آفیسر میونسپل کمیٹی سلیم ڈوکی کی زیر نگرانی میں میونسپل کمیٹی کا عملہ ضلعی ہیڈکوارٹر ڈیرہ اللہ یار کے سرکاری دفاتر مساجد و دیگر جگہوں پر کورونا وائرس سے بچاؤ کیلئے جراثیم کش اسپرے روزانہ کی بنیاد پر کیا جارہا ہے ڈپٹی کمشنر جعفرآباد عبدالرزاق تجک نے کہا کہ حالیہ کورونا وائرس کی لہر کے باعث علاقے میں کورونا وائرس کے جراثیم کش اسپرے کا عمل ضلع بھر میں جاری ہے ضلع بھر کی تمام دفاتر پبلک پلیس بس اڈا و گیٹ اسٹینڈ سمیت دیگر جگہوں پر کورونا کے وائرس کے خلاف اسپرے کا عمل تیزی سے جاری ہے اس عمل کے دوران عوام بقیہ نمبر59 صفحہ 3 پر

اوتھل پولیس کے اہلکار نے چوری کی واردات کو ناکام بنادیا نقدی اور موبائل فون برآمد

اوتھل (نامہ نگار) اوتھل پولیس کے اہلکار نے چوری کی واردات کو ناکام بنادیا نقدی اور موبائل فون برآمد، ملزم گرفتار مقدمہ درج تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب اوتھل شہر میں گشت پر معمور پولیس اہلکار محمد آصف خاصخیلی نے جان کی بقیہ نمبر51 صفحہ 3 پر

میر ایلتاز خان کا 200 سال قدیمی و تاریخی مقبرہ خستہ حال ہوچکا ہے

گنداوا (نامہ نگار) بلوچستان کی تاریخ کا یوں تو اپنا ایک الگ مقام ہے مگر بلوچستان کے شہر گنداوا کے علاقہ کولوا میں واقع خان آف قلات کے قریبی ساتھی میر ایلتاز خان کا 200 سال قدیمی و تاریخی مقبرہ خستہ حال ہوچکا ہے منفرد بقیہ نمبر57 صفحہ 3 پر

نوابزادہ شاہ زین بگٹی اور ان کے دیگر ساتھی جن کا کرونا ٹیسٹ مثبت آیا تھا، اللہ تعالیٰ کی فضل و کرم سے صحتیاب ہوئے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمہوری وطن پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ سے جاری ہونے والے بیان کے مطابق جمہوری وطن پارٹی کے سربراہ نوابزادہ شاہ زین بگٹی اور ان کے دیگر ساتھی جن کا کرونا ٹیسٹ مثبت آیا تھا 19 دن قرنطینہ میں رہنے کے بعد نوابزادہ شاہ زین بگٹی اور ان کے تمام ساتھی اللہ تعالیٰ کی فضل و کرم سے صحتیاب ہوئے ہیں ان سب کا کرونا ٹیسٹ منفی آیا ہے اس سلسلے میں ہم جمہوری وطن پارٹی کے کارکنوں اور ان تمام افراد کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے نوابزادہ شاہ زین بگٹی اور ان بقیہ نمبر60 صفحہ 3 پر

اگر طلباء کے مسائل حل نہ کئے گئے تو بلوچستان کے طلباء پورے صوبے کو جام کریںگے، پشتون اسٹوڈنٹس فیڈریشن

ایچ ای سی کی جانب سے ملک بھر کیلئے یکساں تعلیمی پالیسی کا نفاذ صریحاً آئین کی خلاف ورزی ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کی طلباء تنظیموں نے آن لائن کلاسز کو مسموع کرنے صوبے میں تعلیمی ایمرجنسی نافذ صوبے میں انٹرنیٹ سروسز، طلباء تنظیموں کی بحالی کی بحالی سمیت 8 نکاتی مطالبات پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر طلباء کے مسائل حل نہ کئے گئے تو بلوچستان کے طلباء پورے صوبے کو جام کریںگے ان خیالات کا اظہار پشتون اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے صوبائی چیئرمین عالمگیر خان مندوخیل، پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے نصیر تکیال، ملک عمر کاکڑ، بی ایس او کے خالد بلوچ، بی ایس بقیہ نمبر40 صفحہ 3 پر

بلوچستان نیشنل پارٹی کی وفاقی حکومت سے علیحدگی سے بلوچستان میں بھی سیاسی ہلچل شروع ہوگئی ہے

بی این پی کی وفاق سے علیحدگی پر بلوچستان اسمبلی میں بھی تبدیلی کے امکانات پیدا ہوگئے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کی وفاقی حکومت سے علیحدگی سے بلوچستان میں بھی سیاسی ہلچل شروع ہوگئی ہے بی این پی کی وفاق سے علیحدگی پر بلوچستان اسمبلی میں بھی تبدیلی کے امکانات پیدا ہوگئے ہیں، بلوچستان متحدہ اپوزیشن نے بھی صوبے کی سیاسی تبدیلی میں کردار ادا کرنے کیلئے متحرک ہوگئی ہے۔ بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل کی قومی اسمبلی میں بقیہ نمبر41 صفحہ 3 پر

دہشتگردی میں شہید ہونے والوں کی حکومت بھرپور انداز میں مدد کررہی ہے، حافظ محمد قاسم کاکڑ

پاکستانی قوم نے جواں مردی سے دہشت گردوں کا سینہ سپر دھو کر مقابلہ کیا اور انہیں شکست سے دوچار کیا ہے

نصیر آباد (غ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد حافظ محمد قاسم کاکڑ نے کہا کہ دہشتگردی میں شہید ہونے والوں کی حکومت بھرپور انداز میں مدد کررہی ہے تاکہ شہداء کے ورثاء کو مالی مشکلات سے نجات دلائی جاسکے بے گناہ افراد کو قتل کرنے والے لوگ انسانیت کے قاتل ہیں جنہوں نے معصوم شہریوں کو نشانہ بنا کر اپنے بزدلانہ فعل کا ثبوت دیا ہے وہ کبھی بھی اپنے ناپاک عزائم میں کامیاب نہیں ہوں گے پاکستانی قوم نے جواں مردی سے دہشت گردوں بقیہ نمبر46 صفحہ 3 پر

برقی لائنوں کی مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق برقی لائنوں کے ترقیاتی کاموں اور ضروری مرمت کے سلسلے میں 18 جون کو 132KV بھاگ گرڈ اسٹیشن سے صبح 7 بجے سے شام 7 بجے تک جبکہ گلستان اور مجموعی گرڈ سے صبح 9 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند ہوگی۔

شہباز شریف کی بجٹ میں غریبوں کیلئے کوئی ریلیف نہ ہونے، سپیڈ یز کٹوتی کی مذمت

بجٹ اعداد و شمار ظاہر کرتے ہیں کہ حکومت نے کورونا کے خلاف جنگ میں ہتھیار ڈال دیئے ہیں، اپوزیشن لیڈر کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر اور قائد حزب اختلاف شہباز شریف نے بجٹ میں غریبوں کیلئے کوئی ریلیف نہ ہونے، سپیڈ یز کٹوتی کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بجٹ اعداد و شمار ظاہر کرتے ہیں کہ حکومت نے کورونا کے خلاف جنگ میں بقیہ نمبر49 صفحہ 3 پر

کامیاب ہڑتال نے حکومت کے ظلم اور ناانصافی کا چہرہ دکھا دیا، عبدالستار شاہ چشتی

حکومت نے پاک افغان بارڈر نہ کھولا تو ہڑتال کے بعد سیاسی جماعتوں کی مشاورت سے شاہراہوں کو بند کریںگے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام (نظریاتی) پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی صدر انجمن تاجران محمد اسلم اچکزئی صدر لطیفی یونین امیر محمد حسنی امیر قلعہ عبداللہ مولانا محمد ولی حاجی فیض اللہ محمد یٰسین اخوندزادہ صوبائی سالار رعبدالولی سالار بقیہ نمبر50 صفحہ 3 پر

مشیر برائے کھیل عبدالخالق ہزارہ کو سیکرٹری کھیل عمران بگٹی بریفنگ دے رہے ہیں

بلوچستان میں ایمرجنسی نظام تعلیم کے بجائے ایمرجنسی نظام کرپشن ہے، فضل الرحمن رحمانی

بلوچستان میں تعلیم کی دعویٰ صرف اخبارات تک محدود ہے، سید ثناء اللہ شاہ و دیگر

مستونگ (نامہ نگار) بلوچستان میں ایمرجنسی نظام تعلیم کے بجائے ایمرجنسی نظام کرپشن ہے۔ فضل رحمانی قلات میں تعلیمی پسماندگی اپنی مثال آپ ہے۔ جمعیت طلباء اسلام نظریاتی بلوچستان کے صوبائی صدر فضل الرحمن رحمانی صوبائی جنرل سیکرٹری بشیر احمد نظریاتی سینئر نائب صدر سید ثناء اللہ شاہ حافظ حفیظ اللہ عمرانی و دیگر نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ بلوچستان میں تعلیم کی دعویٰ صرف اخبارات تک محدود ہے عملی طور پر کچھ بھی نہیں آج بھی بلوچستان کے اکثر بچے سکولوں سے باہر بقیہ نمبر56 صفحہ 3 پر

چمن میں شٹر ڈاؤن ہڑتال کامیاب بنانے پر عوام اور تاجروں کے شکر گزار ہیں، عبدالرحیم کاکڑ

حکومت فوری طور پر بارڈر کھولنے کا اعلان کرے، مرکزی صدر انجمن تاجران بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، حضرت علی اچکزئی، سید عبدالقیم آغا، میر یاسین مینگل، معصوم اللہ اچکزئی، حاجی خدائے دوست، مرکزی انجمن تاجران چمن کے صدر صادق اچکزئی، صاحب جان اچکزئی، سید نعمت آغا و دیگر نے کہا ہے کہ چمن میں بارڈر بند ش پر آل پارٹیز اور مرکزی انجمن تاجران چمن کی کال پر چمن میں مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال کی بقیہ نمبر61 صفحہ 3 پر

بلوچستان فوڈ اتھارٹی حکام نیو اڈہ سیٹلائٹ ٹاؤن میں ہول سیل ٹریڈرز و دیگر اشیاء خورد و نوش کے مراکز کا معائنہ کررہے ہیں

ریٹائرڈ سٹرکٹ اینڈ سیشن جج حاجی خواجہ محمد خان انتقال کرگئے

کوئٹہ (این این آئی) حاجی خواجہ محمد خان ریٹائرڈ سٹرکٹ اینڈ سیشن جج قضاء الٰہی سے وفات پا گئے۔ وہ سیف اللہ خان، نصر اللہ خان، ثناء اللہ، سمیع اللہ، اور علی رضا کے والد بقیہ نمبر67 صفحہ 3 پر

بجلی بلوں کی عدم ادائیگی پر کیسکو کی دشت، خضدار، سوراب، خاران، پشین میں کارروائی

دشت کے علاقے میں زرعی نادہندگان کے 8 ٹرانسفارمرز عدم ادائیگی پر اُتار دیئے

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کی مختلف ٹیموں کی جانب سے نادہندگان کے خلاف کارروائیاں جاری ہے جو اپنے متعلقہ سرکل کے علاقوں میں کارروائی کرکے نادہندگان کے برقی کنکشنز منقطع کررہے ہیں۔ اس سلسلے میں کیسکو سینٹرل سرکل بقیہ نمبر68 صفحہ 3 پر

پنجگور میں امن وامان کی صورتحال تشویش ناک ہے، حافظ محمد اعظم بلوچ

شام ڈھلتے ہی چوری اور ڈکیتی کا بازار گرم ہوتا ہے، پنجگور کو چوروں اور ڈاکوؤں کی رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے

پنجگور (این این آئی) پنجگور جمعیت علماء اسلام کے ضلعی مجلس عاملہ اور سینئر بلاڈی کا مشترکہ اجلاس ضلعی امیر حافظ محمد اعظم بلوچ کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں ضلعی کابینہ کے تمام اراکین اور سینئر رہنما شریک ہوئے۔ اس موقع پر جمعیت علماء اسلام کے ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عبدالعزیز بلوچ نے اجلاس کا ایجنڈا اور کارکردگی رپورٹ پیش کی۔ اجلاس میں پنجگور میں امن وامان کی بگڑی ہوئی بقیہ نمبر66 صفحہ 3 پر

کورونا وائرس ایک حقیقت اور جان لیوا وباء ہے، عرفان بشیر

نصیر آباد پولیس کے آفیسران و اہلکاران اور تمام ملازمان ماسک کے استعمال کو ضروری اپنائیں

تمبو (آن لائن) ایس ایس پی نصیر آباد عرفان بشیر نے کہا کہ کورونا وائرس ایک حقیقت اور جان لیوا وباء ہے جس سے بچنے کے لئے احتیاطی تدابیر ہی کو اپنا کر محفوظ رہ جاسکتا ہے نصیر آباد پولیس کے آفیسران و اہلکاران اور تمام ملازمان ماسک کے استعمال کو ضروری اپنائیں جان ہے تو جہان ہے علاج سے احتیاط ہی بہتر ہے تمام احتیاطی تدابیر اپنا کر خود اور دوسروں کو اس وباء سے بچائیں۔

ای سی سی نے مختلف اداروں کیلئے تکنیکی سپلیمنٹری گرانٹس کی منظوری دیدی

80 کروڑ ٹرن اوور والے ایس ایم ایز کا 60 فیصد نقصان حکومت برداشت کرے گی

اسلام آباد (این این آئی) مشیر خزانہ حفیظ شیخ کی زیر صدارت اجلاس میں ای سی سی نے مختلف اداروں کیلئے تکنیکی سپلیمنٹری گرانٹس کی منظوری دیدی۔ بدھ کو ہونے والے اجلاس میں کورونا سے نمٹنے کیلئے چین سے 7 ارب 84 کروڑ روپے کا سامان خریدنے کی منظوری دی۔ ذرائع کے مطابق این ڈی ایم اے کے ذریعے سامان پہلے ہی پاکستان پہنچ چکا ہے، پنجاب میں ٹڈی دل پر قابو پانے بقیہ نمبر69 صفحہ 3 پر

معروف ٹی وی کمپیئر طارق عزیز کی وفات پر صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کا گہرے رنج اور دکھ کا اظہار

ٹیلی ویژن کے شعبے میں طارق عزیز ایک ادارے کی حیثیت رکھتے تھے، صدر عارف علوی کا تعزیتی بیان

اسلام آباد (این این آئی) معروف ٹی وی کمپیئر طارق عزیز کی وفات پر صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی نے گہرے رنج اور دکھ کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں صدر مملکت نے طارق عزیز کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور اظہار افسوس کیا۔ صدر مملکت نے کہا کہ طارق عزیز نے فن کے شعبے میں گراں قدر خدمات انجام دیں، ٹیلی ویژن کے شعبے میں طارق عزیز ایک ادارے کی حیثیت رکھتے تھے۔

وزیراعظم سابقہ حکومتوں کی طرح بلوچستان کو لولی پوپ دے رہے ہیں، جہانزیب جمالدینی

حکومت نے 410 لاپتہ افراد کو بازیاب کراچکے ہیں اس کو ہم قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں مگر افسوس کی بات ہے 500 سے زائد افراد مزید لاپتہ ہوچکے ہیں

وزیراعظم عمران خان سے پانچ، چھ ملاقاتیں ہوئی مگر وہ ضعیف تھا کمانڈ اور کنٹرول ان کے ہاتھ میں نہیں ہے، سیکرٹری جنرل بی این پی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سیکرٹری جنرل سینیٹر ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی نے کہا ہے کہ وزیراعظم عمران خان ماضی کی حکومتوں کی طرح بلوچستان کو لولی پوپ دے رہے ہیں مذاکراتی کمیٹی کے پاس اختیارات ہیں تھے انہیں تو معاہدے کا پتہ بھی نہیں تھا وزیراعظم عمران خان سے پانچ، چھ ملاقاتیں ہوئی مگر وہ ضعیف تھا کمانڈ اور کنٹرول ان کے ہاتھ میں نہیں ہے چوٹکات میں ایک پر بھی عملدرآمد ہوتا تو ہم بلوچستان کی عوام کو تسلی دے سکتے بقیہ نمبر38 صفحہ 3 پر

سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کوئٹہ ڈویژن میران بلوچ کی ہدایت پر آر ٹی اے کا عملہ ایس او پیز پر عملدرآمد کرانے کیلئے کارروائی کررہا ہے

صوبائی وزیر سامی سمیت میر اسد اللہ بلوچ اور سیکرٹری سامی سمیت عبدالرؤف بلوچ بلوچستان عوامی انڈوومنٹ فنڈ کے بارویں اجلاس کے اختتام پر شرکاء کے ساتھ گروپ فوٹو

بلوچستان کے شاہراہوں پر حادثات میں مزید اضافہ

2020 کے مہینے مئی میں بلوچستان میں 269 حادثات رونما ہوئے

خضدار (نامہ نگار) بلوچستان کے شاہراہوں پر حادثات میں مزید اضافہ۔ 2020 کے مہینے مئی میں بلوچستان میں 269 حادثات رونما ہوئے جن میں جاں بحق افراد کی تعداد 144 ہیں۔ زخمی افراد کی تعداد 713 ہیں۔ ان حادثات میں جو گاڑیاں تباہ ہوئی ہیں ان کی تعداد 175 ہیں اور موٹر سائیکلز کی تعداد 181 ہیں۔ موٹر سائیکل حادثات میں زیادہ تر حادثات گاڑیوں کی ٹکر سے ہوئی بقیہ نمبر42 صفحہ 3 پر

محکمہ قانون و پارلیمنٹری امور حکومت بلوچستان کا اعلامیہ

کوئٹہ (غ ن) محکمہ قانون و پارلیمنٹری امور حکومت بلوچستان کے ایک اعلامیہ کے مطابق مجاز حکام کی منظوری منظوری کے بعد محمد ایاز خان ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل اسلام آباد کے کنٹریکٹ کی مدت میں تین سال توسیع کردی گئی بقیہ نمبر43 صفحہ 3 پر

مسلح افراد نے نائب صدر بلوچستان سول سیکرٹریٹ ویلفیئر ایسوسی ایشن کو موبائل فون سے محروم کردیا

کوئٹہ (آن لائن) مسلح افراد نے نائب صدر بلوچستان سول سیکرٹریٹ ویلفیئر ایسوسی ایشن کو موبائل فون سے محروم کردیا، چوہدری محمد امین یادیی کا قیمتی موبائل چھین کر فرار تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ کے انڈسٹریل تھانہ کی حدود میں واقع اسٹیورٹ روڈ میں 2 موٹر سائیکل سوار مسلح افراد نے نائب صدر بلوچستان سول بقیہ نمبر45 صفحہ 3 پر

لیویز چیک پوسٹ پر بھتہ خوری کیخلاف کوئٹہ کراچی چلنے والی مسافر کوچز کے ڈرائیوروں کا احتجاج

قومی شاہراہ پر گاڑیاں کھڑی کرکے کوئٹہ کراچی شاہراہ کو ٹریفک کیلئے مکمل بند کردیا

اوتھل (نامہ نگار) لیویز چیک پوسٹ پر بھتہ خوری کیخلاف کوئٹہ کراچی چلنے والی مسافر کوچز کے ڈرائیوروں کا احتجاج قومی شاہراہ پر گاڑیاں کھڑی کرکے کوئٹہ کراچی شاہراہ کو ٹریفک کیلئے مکمل بند کردیا قومی شاہراہ پر گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں، شدید گرمی میں مسافروں کو مشکلات کا سامنا احتجاج کے دوران ایک مسافر خاتون کی طبیعت بگڑ گئی، ریسکیو 1122 کے ذریعے خاتون کو اوتھل ہسپتال منتقل کردیا گیا تفصیلات کے مطابق لسبیلہ کے ضلعی ہیڈکوارٹر اوتھل سے 25 کلومیٹر دور واہ پر لیویز چیک پوسٹ پر مبینہ طور پر بھتہ خوری کے خلاف کوئٹہ کراچی شاہراہ پر چلنے والی مسافر کوچز کے ڈرائیوروں نے احتجاجاً اپنی گاڑیاں کھڑی کرکے کوئٹہ کراچی شاہراہ کو ہر قسم کے ٹریفک کیلئے بقیہ نمبر44 صفحہ 3 پر

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی ناقص اور مضر صحت خوراک کے تدارک کیلئے کارروائیاں جاری

صفائی کے ناقص انتظامات، اشیاء کی تیاری میں استعمال ہونے والی کوکنگ آئل میں حشرات کی موجودگی پر معروف نمکو فیکٹری و بیکنگ یونٹ سیل کردیا

کارروائی کے دوران غیر لیبل شدہ کوکنگ آئل اور ممنوعہ مشروبات برآمد کرکے قبضے میں لے لی گئیں

کوئٹہ (غ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی ناقص اور مضر صحت خوراک کے تدارک کے لیے کارروائیاں جاری ہیں، بی ایف اے کی فوڈ سیفٹی ٹیم نے نیو اڈہ سیٹلائٹ ٹاؤن میں صفائی کے ناقص انتظامات، اشیاء کی تیاری میں استعمال ہونے والی کوکنگ آئل میں حشرات کی موجودگی پر معروف نمکو فیکٹری و بیکنگ یونٹ سیل کر دیا، تین ہوٹلوں اور فاسٹ فوڈ کارنرز کو حفظان صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی و غیر معیاری خوراک کی فراہمی جبکہ ایک ہول سیل ٹریڈر کو ناقص اور بی ایف اے کی جانب سے پابندی لگے مشروبات کی فروخت پر جرمانہ کیا گیا۔ کارروائی کے دوران غیر لیبل شدہ کوکنگ آئل اور ممنوعہ مشروبات برآمد کر بقیہ نمبر36 صفحہ 3 پر

نصیر آباد ڈپٹی کمشنر جعفرآباد عبدالرزاق تجک کی ہدایت پر کورونا کے وائرس کش اسپرے کیا جارہا ہے

قتل سیاہ کاری کے روپوش ملزمان 1۔ سوہنا خان 2۔ شیو عرف شاہ بیگ پسران کو ٹوہر زمانی بگٹی گرفتار

جیرو دین (نامہ نگار) ڈی آئی جی نصیر آباد شہاب عظیم، ایڈی ایس ایس پی صحبت پور سردار حسن خان موسیٰ خیل کی خصوصی ہدایت پر DSP اختر علی بگٹی SHO منگو دار حامد علی بھیل نے کارروائی کرتے ہوئے قتل سیاہ کاری کے روپوش ملزمان 1۔ سوہنا خان 2۔ شیو عرف شاہ بیگ بقیہ نمبر53 صفحہ 3 پر

مولانا محمد خان شیرانی کے بھائی ڈاکٹر عبدالرحیم شیرانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

کوئٹہ (پ ر) صوبائی وزیر آبپاشی نوابزادہ طارق مگسی اور بلوچستان عوامی پارٹی کے بانی رہنما سعید احمد ہاشمی نے سابق رکن قومی اسمبلی و جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی رہنما مولانا محمد خان شیرانی کے بھائی ڈاکٹر عبدالرحیم شیرانی بقیہ نمبر55 صفحہ 3 پر

ڈی ایم ایم اسپیشلسٹ کو ایمرجنسی اسٹاف ایسوسی ایشن کے مسائل کے حل میں تاخیری حربے کی صورت برداشت نہیں، خیر محمد کھوسہ

دور دراز علاقوں میں بھی ڈی ایم ایم ایکس کا اسٹاف لوگوں کو صحت کی سہولیات فراہم کرنے میں بروقت کوشاں ہیں

صحبت پور (این این آئی) پاکستان ڈی ایم ایکس اسٹاف ایسوسی ایشن کے صدر خیر محمد کھوسہ، چیئرمین عبدالمجید مینگل، جنرل سیکرٹری دریا خان کھوسہ، محمد رمضان سونگی و دیگر نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا کہ حکومت پاکستان ڈی ایم ایکس اسٹاف ایسوسی ایشن کے چالیس ڈیمانڈ پر فوری عمل درآمد کرے۔ ڈی ایم ایکس ہر مشکل حالات میں اپنے فرائض کو احسن بقیہ نمبر54 صفحہ 3 پر

وڈیرہ عبدالخالق موسیانی نڈر بے باک رہنما تھے صدیوں برس تک انکی یادیں زندہ رہینگے، میر زاہد خان لہڑی

مستونگ (نامہ نگار) وڈیرہ عبدالخالق موسیانی نڈر بے باک رہنما تھے صدیوں برس تک انکی یادیں زندہ رہینگے ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام تحصیل جوہان کے سرپرست اعلیٰ سردار زادہ میر زاہد خان لہڑی محمد عمر غزنوی میر عبدالباقی بقیہ نمبر62 صفحہ 3 پر

وفاقی بجٹ میں ملازمین کو ریلیف نہ دیکر زیادتی کی ہے، نور زمان کاکڑ

حکومت بجٹ پر نظرثانی کرتے ہوئے ملازمین کی تنخواہوں میں 25 فیصد اور پنشن میں 20 فیصد اضافہ کرے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان ڈپلومہ انجینئرز فیڈریشن کے صدر نور زمان کاکڑ صوبائی جنرل سیکرٹری حاجی محمد ابراہیم زہری نے وفاقی بجٹ میں ملازمین کو ریلیف نہ دینے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے حکومت کو یاد دلایا ہے کہ ملازمین ہی وہ طبقہ ہے جو ملک کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے جن کے بغیر ملک چلانا انتہائی مشکل ہے حکومت غریبوں کو اوپر لانے کے وعدے کرتے نہیں تھکتی اور مسلسل یہ کہا جارہا ہے کہ 2020ء خوشحالی کا سال ہوگا کیا یہ خوشحالی ہے جو ملک شیشہ کو ترسنے والے بقیہ نمبر63 صفحہ 3 پر

تربت، برطرف اساتذہ کرام کا پانچویں دن بھی تربت میں بھوک ہڑتال

تربت (آن لائن) تربت، برطرف اسا